ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 03 | منگل 03 دسمبر 2024ء، 30 جمادی الاول 1446ھ، 20 مگھر 2081 | صفحات 04/ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 222

بیوروکریسی کے پریشر کے بعد چیئرمین احتساب بیورو مشتاق احمد جنجوعہ عہدے سے مستعفی، حکومتی ذرائع کی تصدیق

حکومت آزاد کشمیر نے مشتاق احمد جنجوعہ کو رواں سال فروری میں آزاد جموں وکشمیر احتساب بیورو کا چیئرمین مقرر کیا تھا، ان کی تقرری احتساب بیورو ایکٹ 2001 کی سیکشن 6 کے تحت عمل میں لائی گئی

وہ اس سے قبل چیف پراسیکیوٹر آزاد کشمیر احتساب بیورو رہے، ان کے خلاف ہائی کورٹ میں رٹ دائر کی گئی تھی جو خارج کر دی گئی تھی، بعد ازاں سپریم کورٹ کورٹ میں رٹ پٹیشن دائر کی گئی جس پر ابھی فیصلہ ہونا باقی ہے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) چیئرمین احتساب بیورو آزاد کشمیر سینئر قانون دان مشتاق احمد جنجوعہ نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، حکومت آزاد کشمیر نے ان کا استعفیٰ منظور کر دیا۔ حکومت آزاد کشمیر نے مشتاق احمد جنجوعہ کو رواں سال فروری میں آزاد جموں وکشمیر احتساب بیورو کا چیئرمین مقرر کیا تھا۔ اس وقت جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق صدر ریاست نے احتساب بیورو ایکٹ 2001 کی سیکشن 6 کے مطابق چیئرمین احتساب بیورو کی تقرری کی تھی جس کے بعد محکمہ قانون وانصاف اور پارلیمانی امور نے باقاعدہ طور پر چیئرمین احتساب بیورو کی تین سال کی مدت کیلئے تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ مشتاق جنجوعہ ایڈووکیٹ اس سے قبل بطور جج ہائی کورٹ بھی تعینات رہے بعد ازاں ان کی تقرری کالعدم قرار دی گئی تھی۔ مشتاق جنجوعہ اس سے قبل (بقیہ 05 صفحہ 03)

سبسڈی کا خاتمہ افواہیں، مذاکرات کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، وزیراعظم

پیس فل اسمبلی اینڈ پبلک آرڈر آرڈیننس پر طویل البنیاد کمیٹی بنانے کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں، چوہدری انوار الحق

تاریخ ساز ہیلتھ پیکج سے صحت سے منسلک مسائل کا خاتمہ ہوگا، دارالحکومت میں شہر کی صفائی کے لیے درپیش مسائل کا خاتمہ کریں گے

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ سستے آٹا اور بجلی کے نرخ پر سبسڈی جاری رہے گی، عوام سبسڈی کے خاتمے کی افواہوں پر کان نہ دھریں۔ مذاکرات کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ مظفرآباد شہر کے مسائل کے حل کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ پیس فل اسمبلی اینڈ پبلک آرڈر آرڈیننس پر طویل البنیاد کمیٹی بنانے کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں تاریخ ساز ہیلتھ پیکج سے صحت سے منسلک مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ (بقیہ 01 صفحہ 03)

بانی پی ٹی آئی کی 6 مقدمات میں گرفتاری ڈال دی گئی

یہ مقدمات 28 ستمبر، 4 اکتوبر اور 5 اکتوبر کے احتجاج سے متعلق ہیں

راولپنڈی (صباح نیوز) بانی پی ٹی آئی کی 28 ستمبر، 4 اور 5 اکتوبر کے 6 مقدمات میں گرفتاری ڈال دی گئی، یہ مقدمات 28 ستمبر، 4 اکتوبر اور 5 اکتوبر کے احتجاج سے متعلق ہیں جبکہ 24 نومبر احتجاج کے 28 مقدمات میں تاحال گرفتاری نہیں ڈالی گئی۔ 6 تھانوں کے تفتیشی افسران (بقیہ 02 صفحہ 03)

مظفرآباد: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

ملک کے مختلف شہروں میں انٹرنیٹ

سروس بدستور متاثر

کراچی (صباح نیوز) ملک کے مختلف شہروں میں انٹرنیٹ سروس بدستور متاثر ہے، صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انٹرنیٹ کی رفتار آہستہ ہونے کی وجہ سے صارفین کے لئے واٹس ایپ اور دیگر ایپلی کیشنز پر تصاویر، ویڈیوز اور وائس نوٹس (بقیہ 03 صفحہ 03)

فتنہ گروہ کی پسپائی سے عوام کو ریلیف دینے میں تیزی آئے گی

ملکر سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے ملکر کام کرینگے، شہباز شریف

لاہور (دھرتی نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ فتنہ گروہ کی پسپائی سے عوام کو ریلیف دینے کے معاملات میں مزید تیزی آئے گی، اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل اور انکی فلاح کے لیے وفاق اور پنجاب ملک کر اقدامات کریں گے۔ وزیراعظم سے وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور چیف کوآرڈینیٹر انٹرنیشنل افیئرز بیرسٹر امجد ملک نے خصوصی ملاقات کی اور (بقیہ 04 صفحہ 03)

بین المذاہب عالمی سیمینار 4 دسمبر کو اسلام آباد میں ہوگا، تیاریاں مکمل

اسلام، ہندوازم، عیسائیت، بدھ مت، سکھ ازم، یہودیت کی نمائندگی کرنے والے ممتاز مقامی اور بین الاقوامی مقررین شریک ہونگے

سیمینار کا مقصد تمام اہم مذاہب میں موجود ہمدردی، انصاف، اتحاد اور امن کے مشترکہ اصولوں کو اجاگر کرنا ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) مذہب کو تقسیم کا ذریعہ سمجھے کے عمومی تاثر کے باوجود، یہ عالمی چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور ایک تقسیم شدہ دنیا میں اتحاد کو فروغ دینے کے لیے زبردست تبدیلی کی طاقت رکھتا ہے۔ مشترکہ مقاصد کے حصول کی کوشش کرتے ہوئے، مذہبی برادریاں عدم مساوات اور تنازعات کے مسائل کو حل کرنے میں مذہب کی مستقل اہمیت کو ثابت کر سکتی ہیں۔ اسی فہم کو فروغ دینے کے لیے، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز (آئی پی ایس) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (اے آئی او یو)، یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی)، لاہور، گفٹ یونیورسٹی، گوجرانوالہ، اسلامک (بقیہ 06 صفحہ 03)

اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سعودی عرب انویسٹمنٹ سیکٹر بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امن کی کنجی مسئلہ کشمیر کے حل میں مضمر ہے

صدر آزاد کشمیر

یورپ میں مقیم کشمیری مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی آواز بھرپور انداز میں بلند کریں، یورپی پارلیمنٹ نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر ایما نکلسن رپورٹ بھی پیش کی تھی

پاک بھارت دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں اور کوئی بھی چھوٹا یا بڑا حادثہ ایک بڑی ایٹمی جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے، عالمی برادری بالخصوص یورپی یونین مسئلہ کشمیر حل کرانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے، ملاقات میں موقف

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے یورپی یونین کے مشیر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ یورپی یونین مسئلہ کشمیر کو حل کروانے کے لیے اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ کیونکہ جنوبی ایشیا میں قیام امن کی کنجی مسئلہ کشمیر کے حل میں مضمر ہے۔ اس سلسلے میں یورپ میں مقیم کشمیری مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی آواز بھرپور انداز میں بلند کریں۔ یورپی پارلیمنٹ نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر ایما نکلسن رپورٹ بھی پیش کی تھی (بقیہ 08 صفحہ 03)

افواج پاکستان اور سیکورٹی فورسز پر حملے دشمن کی منظم سازش ہے

شہدا کی عظیم قربانی ہمارے بہادر بیٹوں کے غیر متزلزل عزم کا اظہار ہے، چوہدری یاسین

مظفرآباد (دھرتی نیوز) 2 دسمبر صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد یسین نے کہا ہے کہ افواج پاکستان اور سیکورٹی فورسز پر حملے دشمن کی منظم سازش ہے افواج پاکستان اور سیکورٹی فورسز پر حملوں کی شدید میں مذمت کرتے ہیں کیپٹن زوہیب اور شہید ہونے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جو قوم کے کل کے لیے اپنے آج کو قربان کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ 09 صفحہ 03)

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں

میں پہلے نمبر پر آ گیا

لاہور (صباح نیوز) صوبائی دارالحکومت لاہور میں سموگ کی شدت کم نہ ہو سکی، لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے نمبر پر ہے۔ باغوں کے شہر لاہور میں فضائی آلودگی کی مجموعی (بقیہ 10 صفحہ 03)

446 یوٹیلیٹی اسٹورز بند، مزید 500 اسٹورز بند کرنے پر غور شروع

اسٹورز کی بندش کے باوجود کسی ملازم کو نوکری سے نہیں نکالا جائے گا، آمدنی کم اور نقصان زیادہ تھا ان کو بند کیا گیا ہے

وفاقی حکومت نے اگست میں یوٹیلیٹی اسٹورز کے لیے سبسڈی بند کر دی تھی، حکومت متبادل طریقوں پر غور کر رہی ہے

اسلام آباد (دھرتی نیوز) وفاقی حکومت نے اخراجات میں کمی کے لیے ملک بھر کے 446 یوٹیلیٹی اسٹورز کو بند کر دیا جب کہ مزید 500 سے زائد یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے سبسڈی ختم ہونے سے ملک بھر میں 446 یوٹیلیٹی اسٹورز کو بند کر دیا گیا ہے جب کہ مزید 500 سے زائد یوٹیلیٹی اسٹورز کو بھی بند کرنے کا منصوبہ ہے۔ ذرائع یوٹیلیٹی اسٹورز کا کہنا ہے کہ اسٹورز کی بندش کے باوجود کسی ملازم کو نوکری سے نہیں نکالا جائے گا، جن اسٹورز کی آمدنی کم اور نقصان زیادہ تھا ان کو بند کیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ ملک کے دیہی علاقوں میں قائم زیادہ تر یوٹیلیٹی (بقیہ 07 صفحہ 03)

حکومت کو گورنر راج لگانے کا شوق نہیں، مجبور کیا جا رہا ہے، طلال چوہدری

پی ٹی آئی مذاکرات کو ہماری کمزوری سمجھ بیٹھی، مسائل پر بات ہو سکتی ہے، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کو گورنر راج جیسے فیصلے کرنے کا شوق نہیں لیکن مجبور کیا جا رہا ہے، پی ٹی آئی مذاکرات کو ہماری کمزوری سمجھ بیٹھی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نیشنل ایکشن پلان پر عمل نہیں کر رہی ہے، ہم سیاسی حکومت ہیں ایسا اقدام نہیں کرنا چاہتے ہیں، یہ آخری وارننگ ہے۔ طلال (بقیہ 20 صفحہ 03)

مظفرآباد: سیکرٹری زراعت امتیاز احمد کو زراعت ٹریننگ سنٹر آمد پر پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے

وزیراعظم کی یو اے ای کی قیادت اور عوام کو قومی دن پر مبارکباد

ہمیں متحدہ عرب امارات کے ترقی اور خوشحالی کے شاندار سفر پر فخر ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی قیادت اور عوام کو 53ویں قومی دن پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ (بقیہ 22 صفحہ 03)

برطانیہ میں پہلی بار 600 سے

زائد تارکین وطن ملک بدر

لندن (صباح نیوز) برطانیہ میں پہلی بار 600 سے زائد تارکین وطن ملک بدر کر دیا گیا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے (بقیہ 21 صفحہ 03)

نومبر میں مہنگائی کی شرح 4.9 فیصد رہی، پاکستان شماریات بیورو

آئندہ اجلاس میں اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی شرح سود پر غور کرے گی، اس وقت شرح سود 15 فیصد کی سطح پر ہے

گزشتہ سال پاکستان میں مہنگائی بلند ترین سطح 38 فیصد پر جا پہنچی تھی، شرح سود بھی 22 فیصد کی تاریخی سطح پر ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) پاکستان شماریات بیورو (پی بی ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق نومبر میں پاکستان میں سالانہ کنزیومر پرائس انڈیکس (سی پی آئی) افراط زر کی شرح 4.9 فیصد رہی، جو گزشتہ 78 ماہ کے دوران کی نچلی ترین سطح ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کے 16 دسمبر 2024 کو ہونے والے اجلاس سے قبل افراط زر کی شرح میں کمی کو تقویت ملی جو گزشتہ سال 38 فیصد کی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ (بقیہ 11 صفحہ 03)

مظفرآباد: سپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر سے شوکت جاوید میر ملاقات کر رہے ہیں

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ عالیہ

نیلم کی تعیناتی کیس سننے والا 6 رکنی

آئینی بینچ ٹوٹ گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان میں چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مس عالیہ نیلم کی تعیناتی کیس کے حوالہ سے درخواست سننے والا 6 رکنی آئینی بینچ ٹوٹ گیا۔ بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان اور جسٹس جمال (بقیہ 12 صفحہ 03)

مضبوط اور مستحکم پاکستان ہی تحریک آزادی کشمیر کا ضامن ہے، وزیر حکومت

آزاد کشمیر کے عوام کو آٹے اور بجلی پر دی جانے والی سبسڈی کی دنیا میں کہیں مثال نہیں ملتی، صدارتی آرڈیننس پر کمیٹی قائم کر دی گئی ہے

حکومت جہاں عوام کو ہر شعبہ زندگی میں ریلیف دے رہی وہاں عوام کے حقوق کا تحفظ بھی یقینی بنا رہی ہے، سینئر پارلیمنٹرین

مظفرآباد (سٹاف رپورٹر) آزاد کشمیر کے سینئر پارلیمنٹرین وزیر پاور ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن چوہدری محمد رشید نے کہا ہے کہ وزیراعظم چوہدری انوار الحق کی سربراہی میں قائم قومی حکومت نے مختصر عرصے میں تاریخی اور انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں آزاد کشمیر کے عوام کو آٹے اور بجلی پر دی جانے والی سبسڈی کی دنیا میں کہیں مثال نہیں ملتی، صدارتی آرڈیننس پر کمیٹی قائم کر دی گئی ہے جس میں معاشرے کے ہر طبقے کو نمائندگی دی گئی ہے یہ کمیٹی اپنی رپورٹ (بقیہ 23 صفحہ 03)

مظفرآباد: سینئر جسٹس سپریم کورٹ آف آزاد کشمیر خواجہ محمد نسیم اور رضا علی خان محمد عرف مغل کی وفات پر ایصال ثواب کیلئے دعا کر رہے ہیں

جنگلات کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں، وزیر جنگلات

شجرکاری کیساتھ ساتھ شجرپروری کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کرینگے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) وزیر جنگلات آزاد کشمیر چوہدری محمد اکمل سرگالہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جنگلات سیاحت اور جنگلی حیات کی حفاظت اور ترقی تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے آزاد کشمیر سیاحوں کے لئے جنت ہے حکومت سیاحت کے فروغ اور جنگلات کے تحفظ کے لئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے شجرکاری کے ساتھ ہمارا مستقبل وابستہ ہے حکومت آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ کے لئے (بقیہ 19 صفحہ 03)

حکومت فوری طور پر صدارتی آرڈیننس واپس لے، ڈاکٹر محمد مشتاق

اپنے جائز حق کے حصول کے لیے پرامن احتجاج کرنا ہر شہری کا بنیادی حق، حکومت ایسا اقدامات سے گریز کرے

ظلم پر مبنی استحصالی نظام نے عوام کے منہ سے دو وقت کا نوالہ بھی چھین لیا ہے، کشمیر کی آزادی اور نظام کی تبدیلی ہمارا ایجنڈا ہے

کوٹلی (دھرتی نیوز) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا ہے کہ حکومت فوری طور پر صدارتی آرڈیننس واپس لے، حکومت ایسا اقدامات سے گریز کرے جس سے بیس کیمپ کے اندر بھی افراتفری پیدا ہو اور دشمن بھی فائدہ اٹھائے، اپنے جائز حق کے حصول کے لیے پرامن احتجاج کرنا ہر شہری کا بنیادی حق ہے، جماعت اسلامی باطل نظام اور موروثی قیادت کو تبدیل کرنے کی جدوجہد کر رہی ہے، ظلم پر مبنی استحصالی نظام نے عوام کے منہ سے دو وقت کا نوالہ بھی چھین لیا ہے، کشمیر کی آزادی اور نظام کی تبدیلی ہمارا ایجنڈا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے جماعت (بقیہ 13 صفحہ 03)

کوٹلی: جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان سے خطاب کر رہے ہیں

خشک سردی، موسمی بیماریاں پھیلنا شروع، ہسپتالوں میں رش بڑھ گیا

رہتی کسر کمزور انتظامیہ کی گرفت نے پوری کر دی، گراں فروشوں نے مٹی کا تیل، کوئلہ، جلائی جانے والی لکڑی دگنا قیمت پر فروخت

موسمی بیماریوں سے بچے ہی نہیں، بڑے بھی شدید متاثر ہونے لگے۔ پہاڑوں پر برف باری کے بعد موسم نے سرمائی رنگ اختیار کر لی

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ڈویژن مظفرآباد میں خشک سردی کے ساتھ خشک ہواؤں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی موسمی بیماریاں پھیلنا شروع ہو گئیں۔ ہسپتالوں میں خشک سردی سے متاثرہ مریضوں کا رش، عطائیوں نے بھی عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر دیا۔ رہتی کسر کمزور (بقیہ 24 صفحہ 03)

وزیراعظم نے عافیہ صدیقی کی رہائی

کیلئے امریکہ جانے والے وفد کی

مالی معاونت کی سمری پر دستخط

کر دیے

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم نے عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے امریکہ جانے والے وفد کی مالی معاونت کی سمری پر دستخط کر دیے۔ وفد کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس سردار (بقیہ 17 صفحہ 03)

انگریزی اخبار دی نیشن کے ایڈیٹر

سلمان مسعود کے والد کا انتقال

،صدر، وزیراعظم اور وفاقی وزیر

اطلاعات کا اظہار افسوس

اسلام آباد (صباح نیوز) انگریزی اخبار دی نیشن کے ایڈیٹر سلمان مسعود کے والد انتقال کر گئے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف، وفاقی وزیر اطلاعات (بقیہ 18 صفحہ 03)

عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے، شاہ غلام قادر

مسلم لیگ ن نے ہمیشہ اقتدار میں آکر عوامی محرومیوں کا ازالہ کیا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) صدر مسلم لیگ ن وممبر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر شاہ غلام قادر سے سابق وزیر حکومت ومرکزی رہنما مسلم لیگ ن آزاد کشمیر پیر سید غلام مرتضیٰ گیلانی اور صدر مسلم لیگ ن حلقہ کجرات عبدالغفور عباسی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر پیر سید غلام مرتضیٰ گیلانی نے صدر جماعت کو حلقہ کے مسائل سے آگاہ کیا۔ صدر جماعت شاہ غلام قادر نے صدر مسلم لیگ ن حلقہ (بقیہ 25 صفحہ 03)

سعودی عرب، 150 سال قدیم

تاریخی مسجد الحزیمی کو بحالی کے بعد

دوبارہ کھول دیا گیا

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب کی الافلاج کمشنری میں 150 سال قدیم تاریخی مسجد الحزیمی کو بحالی کے بعد دوبارہ کھول دیا گیا۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز کی جانب سے (بقیہ 26 صفحہ 03)

ڈی وارمنگ بڑا مسئلہ، سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، فاروق احمد

محکمہ صحت اکیلا کچھ نہیں کر سکتا، معاشرہ اور کمیونٹی کو ساتھ دینا ہوگا

میرپور (پی آئی ڈی) ڈائریکٹر جنرل صحت عامہ آزاد کشمیر ڈاکٹر فاروق احمد نور نے کہا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کی سربراہی میں حکومت نے ہیلتھ پیکج دے کر غریب لوگوں کے علاج معالجے کی سہولیات ان کی دہلیز پر دے رہی ہے۔ عالمی ادارہ صحت سے مصدقہ ادویات ڈی وارمنگ مہم کے دوران بچوں کو دی جائیں گی، اس مہم کو کامیاب کرنے کے حوالے سے تمام مکتبہ فکر سے (بقیہ 16 صفحہ 03)

صدارتی آرڈیننس کالا قانون ہے، مسترد کیا جائے، سردار عتیق احمد

محکمہ پولیس میں غیر ریاستی غیر مقامی بھرتی جیسے غیر سنجیدہ غیر دانشمندانہ اقدامات کو مسلم کانفرنس مسترد کرتی ہے

ریاست حکومت آزاد کشمیر اس آرڈیننس کو فوری واپس لے کیونکہ یہ سراسر انسانی حقوق جمہوری قدروں کے منافی ہے

دھیرکوٹ/غازی آباد (دھرتی نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ صدارتی آرڈیننس ایک کالا قانون ہے صدارتی آرڈیننس کے تحت آزاد کشمیر میں انسداد دہشت گردی فورس کے لیے محکمہ پولیس میں غیر ریاستی غیر مقامی بھرتی جیسے غیر سنجیدہ غیر دانشمندانہ دونوں اقدامات کو مسلم کانفرنس مسترد کرتی ہے ریاست حکومت آزاد کشمیر اس آرڈیننس کو فوری واپس لے کیونکہ یہ سراسر انسانی حقوق جمہوری قدروں کے منافی ہے اس سے نہ صرف آزاد کشمیر کی پرامن فضاء خراب ہو گی بلکہ پاکستان مخالف قوتوں کو پھر سے سر اٹھانے کا موقع ملے گا اگر صدارتی آرڈیننس کو قانونی (بقیہ 14 صفحہ 03)

حکومت آزاد کشمیر انڈسٹری کی ترقی کی خواہاں ہے، نوید اختر

صنعت کاروں کو جو بھی تعاون درکار ہوگا اس کے لیے ہم حاضر ہیں

میرپور (پی آئی ڈی) چیئرمین ضلع کونسل میرپور راجہ نوید اختر گوگا نے میرپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آفس کا دورہ کیا، اور صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز عمر شہزاد جرال سے ملاقات کی اسٹیٹ آفیسر ضلع کونسل میرپور راجہ شیراز خان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے اس موقع پر انڈسٹریل اسٹیٹ کے کلینگ پراجیکٹ اور ضلع کونسل کے زیر اہتمام انڈسٹری کے متعلقہ معاملات پر تفصیلی گفتگو ہوئی (بقیہ 15 صفحہ 03)

پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو دیگر مدات میں فنڈز لینے سے روکنے کا مطالبہ

مشکل سے بچوں کو کتابیں کاپیاں خرید کر دیتے ہیں کہ شاید پڑھ کر حالات اپنے ساتھ ساتھ ریاست کے حالات سدھاریں گے

اب تو تعلیمی بورڈ کی جانب سے امتحانی فیس، رجسٹریشن فیس کے بعد پراسیسنگ فیس کی بھی جابرانہ وصولی شروع کر دی گئی ہے

مظفرآباد (نامہ نگار) عوام الناس اور سول سوسائٹی نے اساتذہ تنظیموں کے کردار پر لاکھوں سوالات اٹھاتے ہے ظالمانہ فیس اور دیگر وصولیوں کے خلاف سڑکوں پر نکلنے کے لیے مشاورت کا آغاز کر دیا۔ اعلیٰ عدلیہ سمیت وزیراعظم آزاد کشمیر و دیگر ارباب اختیار سے پرائیویٹ تعلیمی اداروں سمیت سرکاری تعلیمی اداروں کی فیس کی مدات کے علاوہ دیگر وصولیوں کو روکنے کا مطالبہ کر دیا۔ سول سوسائٹی اور عوام الناس والدین کا کہنا ہے کہ ظلم کی (بقیہ 27 صفحہ 03)

دھیرکوٹ: سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان و دیگر تیمور عباسی کے تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

راولاکوٹ، تنظیم غیر جریدہ فنی ملازمین پونچھ نے الیکشن شیڈول جاری کر دیا

شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 دسمبر ہے کاغذات کی جانچ پڑتال 15 دسمبر کو ہوگی

کاغذات واپسی کی حتمی تاریخ 20 دسمبر جبکہ حتمی امیدواران کا اعلان 25 دسمبر کو ہوگا، پولنگ صبح نو بجے تا شام چار بجے تک ہوگی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) تنظیم غیر جریدہ فنی ملازمین ضلع پونچھ نے الیکشن شیڈول 25-2024 جاری کر دیا۔ شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ 10 دسمبر ہے کاغذات کی جانچ پڑتال 15 دسمبر کو ہوگی۔ کاغذات واپسی کی حتمی تاریخ 20 دسمبر جبکہ حتمی امیدواران کا اعلان 25 دسمبر کو ہوگا۔ پولنگ 8 جنوری 2025 کو صبح نو بجے تا شام چار بجے تک ہوگی۔ اس بات کا فیصلہ ممبران مجلس عاملہ کے اجلاس میں کیا گیا ممبران مجلس عاملہ چیئرمین محمد ذوالفقار، محمد عارف خان لیاقت محمود سجاد رفیق امجد خان خالد مسرت عدنان عرب عدیل خالد عثمان خادم یونس خان محمد شبیر (بقیہ 28 صفحہ 03)

کوٹلی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیض عالم بچوں کو پیٹ کے کیڑے ختم کرنے کی دو روزہ مہم کے افتتاح کے موقع پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچ، سرساوہ سڑک پر ڈالی گئی ناقص اسفالٹ کی تحقیقات کی جائے

سدھنوتی کے ذمہ داران کے خلاف کارروائیاں کی جائے، صدیق مہناس

بلوچ (نمائندہ خصوصی) بلوچ سرساوہ سڑک پر ڈالی گئی ناقص اسفالٹ کی تحقیقات کر کے محکمہ تعمیرات شاہرات سدھنوتی کے ذمہ داران کے خلاف کارروائیاں کی جائے جن ڈگریوں کی بنیاد پر وہ عہدوں پر تعینات ہیں ان کے بھی حقائق جانے جائیں اور اسفالٹ ڈالنے کے دوران نگرانی نہ کیے جانے کی تحقیقات کی جائیں بلوچ کے لوگوں نے جتنی کر کے منصوبہ لیا تھا لیکن محکمہ کی (بقیہ 29 صفحہ 03)

نیلم ویلی ونٹر سیاحت کے لیے موزوں ترین جگہ ہے، زرداد خان

حکومت فورسیزن سیاحت کے فروغ کیلئے ترجیح بنیادوں پر حکمت عملی طے کرے

شاردا (نمائندہ خصوصی) صدر پرائیویٹ ٹورازم گیسٹ ہاؤس سب ڈویژن شاردا چوہدری زرداد خان نے کہا ہے کہ نیلم ویلی ونٹر سیاحت کے لیے موزوں ترین جگہ ہے۔ حکومت فورسیزن سیاحت کے فروغ کیلئے ترجیح بنیادوں پر حکمت عملی طے کرے۔ شاہراہ نیلم کی بروقت بحالی و فعالیت سے برف پوش وادی میں ونٹر سیاحت بہترین مشغلہ ہو سکتا ہے۔ پاکستان و آزاد کشمیر کے دیگر اضلاع (بقیہ 31 صفحہ 03)

بنوں اور خیبر میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن، ڈی جی کی مبارکباد

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ڈائریکٹر جنرل آزاد جموں وکشمیر کلچرل اکیڈمی قیصان عارف مغل کی خیبر پختونخواہ کے اضلاع بنوں اور خیبر میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر (بقیہ 30 صفحہ 03)

اظہار تشکر

مظفرآباد (دھرتی نیوز) مسلم لیگ کے رہنما محسن عزیز نے کہا کہ مظفرآباد شہریوں کی محبت کبھی نہیں بھول سکتا تعزیتی ریفرنس میں ڈپٹی سیکرٹری مالیات مسلم لیگ ن حشمت علی چوہدری اور (بقیہ 32 صفحہ 03)

وزیر اعظم نے لوگوں کی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی کام کیے

بلا لالچ لوگوں کی مشکلات کو کم کرنے کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں، احمد صغیر

پانیولہ (نامہ نگار) مشیر حکومت برائے جیل خانہ جات سردار احمد صغیر نے کہا کہ میں وزیر اعظم چوہدری انوار الحق کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے لوگوں کی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے اور ہنگامی سطح پر حلقہ پانچ پونچھ میں تعمیر و ترقی کے حوالے سے منصوبہ جات دیا ہے (بقیہ 44 صفحہ 03)

پانیولہ: مشیر حکومت احمد صغیر حلقہ پانچ میں سڑکوں کی پختگی کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں

صدارتی آرڈیننس ایک کالا قانون ہے، سردار محمد اصغر خان

ریاست میں حالات مزید خراب ہوں، حکومت فلفور اس آرڈیننس کو واپس لے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مسلم لیگ (ن) کی مرکزی مجلس عاملہ کے ممبر سردار محمد اصغر خان نے کہا ہے کہ صدارتی آرڈیننس ایک کالا قانون ہے جسے کسی صورت عوام قبول نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اب تو صدر ریاست بیرسٹر سلطان محمود اور سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر و مرکزی رہنما (بقیہ 43 صفحہ 03)

مظفرآباد: سید بازل علی نقوی کو اولڈ ایبٹ کمانڈ سی ایم ایچ کے عہدیداران کی تقریب حلف برداری آمد پر ہار پہنایا جا رہا ہے

کوٹلی، ڈی وارمنگ دوا کھلا کر دو روزہ مہم کا افتتاح

مہم کے بہترین نتائج کے لئے تمام ممکنہ اقدامات کئے جائیں گے، ڈی سی

کوٹلی (پی آئی ڈی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فیض عالم نے کہا ہے کہ بچوں کو پیٹ سے کیڑوں کے خاتمے کے لئے ڈی وارمنگ دوا کھلا کر دو روزہ مہم کا افتتاح کر دیا۔ منگل کے روز (بقیہ 42 صفحہ 03)

شبیر شاہ، یاسین ملک اور دیگر قیدی بنیادی انسانی حقوق سے محروم

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس صورت حال کا نوٹس لیں، موقف

سری نگر (کے پی آئی) نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید کشمیری حریت پسند شخصیات شبیر احمد شاہ، محمد یاسین ملک، آسیہ اندرابی، خرم پرویز اور دیگر کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم رکھا گیا ہے (بقیہ 41 صفحہ 03)

پلندری، ڈی وارمنگ مہم کا آغاز، ڈپٹی کمشنر سدھنوتی نے افتتاح کیا

دو دن جاری رہنے والی مہم کی افتتاحی تقریب کے سلسلہ میں محکمہ صحت عامہ اور آئی آر ڈی کے زیر اہتمام سیمنار منعقد ہوا

تعلیم اور صحت کی ترقی کے بنیادی عناصر ہیں جو آپس میں لازم و ملزوم ہیں، ہر فرد کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا، ڈی سی

پلندری (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق نے بچوں کو گولیاں کھلا کر ڈی وارمنگ مہم کا آغاز کر دیا۔ ڈی وارمنگ انٹی شیٹو مہم کے چوتھے راؤنڈ میں 5 سال سے 14 سال کے بچوں کو گولیاں کھلائی جائیں گی۔ 3 و 4 دسمبر دو دن جاری رہنے والی مہم کی افتتاحی تقریب کے سلسلہ میں محکمہ صحت عامہ اور آئی آر ڈی کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں سیمنار منعقد ہوا جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق تھے جبکہ سیمنار سے ڈسٹرکٹ (بقیہ 45 صفحہ 03)

پلندری: ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق، ڈی ایچ او طارق اقبال راجہ اور سردار تنسیم احمد خان بچوں کو پیٹ کے کیڑوں کی گولیاں کھلا کر ڈی وارمنگ کے چوتھے راؤنڈ کا افتتاح کر رہے ہیں

صدارتی آرڈیننس سے تحریک آزادی کے بیس کیمپ میں بنیادی حقوق پر قدغن لگائی جا رہی ہے، سردار شفیق الرحمن

نیلم ویلی (نامہ نگار) مسلم کانفرنس کے مرکزی رہنما و امیدوار اسمبلی ایل اے نیلم کمانڈر سردار شفیق الرحمن نے کہا کہ صدارتی آرڈیننس سے تحریک آزادی کے بیس کیمپ میں بنیادی حقوق پر قدغن (بقیہ 46 صفحہ 03)

مبارکباد و خراج تحسین

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ زراعت اور الشفاء انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس زیر صدارت ایم ڈی الشفاء ہسپتال و انسٹیٹیوٹ (بقیہ 48 صفحہ 03)

یاسین ملک بھارت کی جانب سے سیاسی انتقام گیری کا بدترین نشان

دہلی تہاڑ جیل کے اندر علیحدہ عدالت کے قیام کا عمل حکومتی گھناؤنی سازش قرار

نریندر مودی کی سربراہی میں قائم موجودہ انتہا پسند بھارتی حکومت دہلی تہاڑ جیل میں جموں کشمیر لبریشن فرنٹ کے محبوس چیئرمین اور ریاست جموں کشمیر کے ہر دلعزیز قومی رہنما محمد یاسین ملک کو سیاسی انتقام گیری کا بدترین نشانہ بنائے ہوئے ہیں۔ بھارتی سپریم کورٹ کے دو ججوں پر مشتمل بینچ کا گذشتہ ہفتے ایک عدالتی پیشی کے دوران یاسین ملک اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنماؤں کے خلاف جموں ٹاڈا کورٹ (بقیہ 47 صفحہ 03)

ٹاؤن کمیٹی کیل مفلوج، گندگی تلف کرنے کا معقول اہتمام نہ ہو سکا

روزانہ درجنوں ٹن کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے کیلئے گاڑی دستیاب نہ ہے، خان ولی

شاردا (نمائندہ خصوصی) ٹاؤن کمیٹی کیل مفلوج گندگی تلف کرنے کا معقول اہتمام نہ ہو سکا۔ کوڑا کرکٹ تلف کرنے کیلئے سوزوکی فراہم کی جائے۔ ٹاؤن کمیٹی کیل کے گلی محلہ سمیت مرکزی بازار سے روزانہ درجنوں ٹن کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے کیلئے گاڑی دستیاب نہ ہے۔ صدر انجمن (بقیہ 49 صفحہ 03)

فلسطین پر جاری اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت، اقوام عالم سے مطالبہ

اسرائیل تاریخ کے گھناؤنے ترین مظالم ڈھاتے ہوئے ہزاروں معصوم فلسطینی مردوں، خواتین اور بچوں کا قتل عام کر چکا ہے

فلسطینیوں کے لیے بھیجے جانے والے امدادی قافلوں پر حملے نا قابل برداشت ہیں۔ میاں خالد پرویز انجم کا جنگ بندی کا مطالبہ

اٹلی (دھرتی نیوز) چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن لمباردیا اٹلی میاں خالد پرویز انجم نے فلسطین پر جاری اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام عالم سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فلسطین پر اسرائیلی حملے رکوانے میں اپنا کردار ادا کرے ان خیالات کا اظہار انھوں نے گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ اسرائیل تاریخ کے گھناؤنے ترین مظالم ڈھاتے ہوئے ہزاروں معصوم فلسطینی مردوں، خواتین اور بچوں کا قتل عام کر چکا ہے۔ فلسطینی (بقیہ 33 صفحہ 03)

مقبوضہ جموں و کشمیر میں محاصرے کے دوران تلاشی اور کارروائیوں پر تشویش

مودی کے برسر اقتدار آنے خاص طور پر دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد کشمیر کے میں ظلم و جبر کا نیا سلسلہ شروع کر دیا گیا

قتل و غارت، گرفتاریاں تشدد، جائیدادوں پر قبضہ اور کشمیری ملازمین کی برطرفی ایک معمول بن چکا، عالمی برادری نوٹس لے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سینئر ممبر بورڈ آف انوسٹمنٹ آزاد جموں و کشمیر چوہدری پرویز احمد وڑائچ نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں محاصرے کے دوران تلاشی اور کارروائیوں میں کشمیریوں پر تشدد کرنے کی شدید مذمت کی ہے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں چوہدری پرویز احمد وڑائچ نے کہا کہ عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانیت کے خلاف جرائم پر بھارت کو جوابدہ ٹھہرائے۔ انھوں نے کہا کہ قتل و غارت، گرفتاریاں تشدد، جائیدادوں پر قبضہ اور (بقیہ 50 صفحہ 03)

اسلام: چیئرمین مسلم لیگ ن جاپان ملک محمد الیاس اپنے والدین اور عزیز و اقارب کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ساتویں زراعت شماری کیلئے فیلڈ فورس کی تین روزہ ٹریننگ کا افتتاح

ٹریننگ کا مقصد پاکستان میں زرعی زمینوں، فصلوں، مویشیوں اور مشینری کا پہلا مربوط ڈیجیٹل شمار کرنا ہے

تربیت کا بنیادی مقصد قابل اعتماد اعداد و شمار کے حصول کو یقینی بنانے کیلئے ڈیٹا کے تصورات کو معیاری بنانا ہے، خطاب

کوٹلی (پی آئی ڈی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیض عالم نے پاکستان کی ساتویں زراعت شماری کے لئے فیلڈ فورس کی تین روزہ ٹریننگ کا افتتاح کر دیا۔ ٹریننگ کا مقصد پاکستان میں زرعی زمینوں، فصلوں، مویشیوں اور مشینری کا پہلا مربوط ڈیجیٹل شمار کرنا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیض عالم نے زراعت کی اہمیت و افادیت بارے حاضرین کو بتایا۔ مقررین نے ساتویں زراعت شماری کی ابتدائی سرگرمیوں کی تکمیل کے بعد (بقیہ 34 صفحہ 03)

کوٹلی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فیض عالم پاکستان کی ساتویں زراعت شماری کے لئے فیلڈ فورس ٹریننگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیریوں کی شناخت اور ثقافت کو مٹانے کی کوشش ہو رہی ہے

کشمیریوں کو دبانے کی بھارت کی حکمت عملی ناکام ہو گی ماہرین

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی تنظیموں اور کارکنوں نے کشمیری عوام پر منظم انداز میں مظالم ڈھانے اور ان کا استحصال کرنے پر بھارت کی مذمت کرتے ہوئے اسے جدید دور کی غلامی قرار دیا ہے۔ غلامی کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر انسانی حقوق کے کارکنوں اور نگراں اداروں نے حق خود ارادیت کے لئے (بقیہ 35 صفحہ 03)

پانی کی کمی یا مشینری کی خرابی؟ پاور ہاؤس کھٹائی میں پڑ گیا

چناری (خصوصی رپورٹر) پانی کی کمی یا مشینری کی خرابی؟ پاور ہاؤس کھٹائی، چناری اور شاریاں میں 7.2 میگاواٹ کے بجائے بجلی (بقیہ 36 صفحہ 03)

راجہ سعود اشرف پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ آزاد کشمیر کے جوائنٹ سیکرٹری منتخب

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باغ کے متحرک نوجوان راجہ سعود اشرف کو پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ آزاد کشمیر کا جوائنٹ سیکرٹری منتخب کر دیا گیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ سعود اشرف ایک متحرک نوجوان ہے جو نہ صرف باغ بلکہ پورے آزاد کشمیر (بقیہ 37 صفحہ 03)

مظفرآباد: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر مظفرآباد سید عمران عباس نقوی ساتویں ڈیجیٹل زراعت شماری کے عملہ فیلڈ کی تربیت کا افتتاح کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب شرکاء کا گروپ فوٹو

مظفرآباد: شاہراہ ایئرپورٹ مانک پیاں کے مقام پر کچرے کا ڈھیر صفائی مہم کی قلعی کھول رہا ہے

نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید کشمیری خواتین کو فوری طور پر رہا کیا جائے

خواتین پر تشدد کے خاتمے کے عالمی دن پر ہٹیاں بالا میں ہونے والے سیمینار میں مطالبہ

مظفرآباد (کے پی آئی) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی میں ایک سیمینار میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید کشمیری خواتین کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔ بین الاقوامی برادری آسیہ اندرابی، ناہیدہ نسرین اور فہمیدہ صوفی کی رہائی کے لیے فوری اقدامات کرے، جو گزشتہ پانچ سال سے تہاڑ جیل میں قید ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ڈائیلاگ، ڈویلپمنٹ اینڈ ڈپلومیٹک اسٹڈیز (IDDS) نے آزاد جموں (بقیہ 40 صفحہ 03)

چناری میں یوفون اور پی ٹی سی ایل حکام کی مجرمانہ غفلت اور لاپرواہی

بیٹریاں تبدیل نہ کرنے کے باعث انٹرنیٹ سروس کئی کئی گھنٹے بند رہنے لگی

چناری (خصوصی رپورٹر) آزاد کشمیر کے ضلع جہلم ویلی کے علاقہ چناری میں یوفون اور پی ٹی سی ایل حکام کی مجرمانہ غفلت اور لاپرواہی، دو ماہ سے کھٹائی، چناری میں نصب ٹاور کی خراب بیٹریاں تبدیل نہ کرنے کے باعث انٹرنیٹ سروس کی روزانہ کئی کئی گھنٹے بندش سے صارفین شدید مشکلات کا شکار، کاروبار زندگی معطل، عوام کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تقریباً دو ماہ سے چناری سے ملحقہ کھٹائی میں نصب یوفون اور پی ٹی سی ایل ٹاور کی بیٹریاں خراب ہونے سے (بقیہ 39 صفحہ 03)

میگا پراجیکٹس میں مقامی پولیس نفری کو مسلسل نظر انداز کیا جانے لگا

من پسند اور سفارشی اہلکاران کی تعیناتی محکمہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، متاثرین

مظفرآباد (دھرتی نیوز) دارالحکومت مظفرآباد میں لگے میگا پراجیکٹس میں مقامی پولیس نفری کو مسلسل نظر انداز کیا جانے لگا، نیلم جہلم پراجیکٹ میں میرپور، بھمبر اور کوٹلی کے پولیس اہلکار تعینات کیے جانے لگے ہیں سے مقامی پولیس اہلکاروں کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے تفصیلات کے مطابق دارالحکومت مظفرآباد میں لگے میگا پراجیکٹس پر من پسند اور سفارشی اہلکاران کی تعیناتی محکمہ کی کارکردگی پر سوالیہ (بقیہ 38 صفحہ 03)

سرینگر، مقبوضہ جموں میں مزید 2 ہزار بھارتی پیرا ملٹری فورسز تعینات

راجوری، پونچھ، ریاسی، ادھم پور، کٹھوعہ اور ڈوڈا اضلاع میں میں ہونے والے حملوں کے بعد مرکوز کی گئی ہے

نئے شامل ہونے والے اہلکاروں کے لیے عارضی اور مستقل اڈوں کے قیام سمیت نقل و حرکت کی تیاریاں جاری ہیں

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں میں مزید 2 ہزار پیرا ملٹری فورسز اہلکار تعینات کر دیے ہیں۔ بھارتی ریاست اڑیسہ میں نکسل مخالف آپریشنوں میں مصروف بارڈر سیکورٹی فورس (بی ایس ایف) کی دو اضافی بٹالینز کے اہلکاروں کو جموں میں ورکنگ باؤنڈری پر تعینات بی ایس ایف کے لئے دوسری دفاعی لائن کے طور پر اندرونی علاقوں میں تعینات کیا گیا ہے۔ جموں پر توجہ رواں سال کے شروع میں راجوری، پونچھ، ریاسی، ادھم پور، کٹھوعہ (بقیہ 51 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر کے کئی علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں

مقبوضہ جموں وکشمیر میں معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو گئے ہیں

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فورسز نے مقبوضہ کشمیر کے کئی علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری رکھی ہیں۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں موسم سرما شروع ہوتے ہی بھارتی فوج نے محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ ان کارروائیوں میں تیزی محض حفاظتی اقدام (بقیہ 53 صفحہ 03)

راولاکوٹ، مشہور سپورٹس مین ریٹائرڈ صدر معلم آزاد انتقال کر گئے

راولاکوٹ (نمائندہ خصوصی) راولاکوٹ کے باسی کے مشہور سپورٹس مین ریٹائرڈ صدر معلم آزاد خان انتقال کر گئے آزاد خان (بقیہ 52 صفحہ 03)

میرپور بورڈ کے زیر اہتمام تین روزہ بین الاضلاعی سپورٹس مقابلہ جات

مظفرآباد میں اس بین الاضلاعی ایونٹ چھ اضلاع مظفرآباد، بھمبر، پونچھ، باغ، راولاکوٹ اور سدھنوتی مقابلے ہونگے

سپورٹس کمپلیکس مظفرآباد میں طالبات کے درمیان بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس سے شروع ہو گیا، یہ ایونٹس تین روز تک جاری رہے گا

مظفرآباد (دھرتی نیوز) میرپور بورڈ آزاد کشمیر کے زیر اہتمام تین روزہ بین الاضلاعی سپورٹس مقابلہ جات کا آغاز کر دیا گیا۔ سپورٹس کمپلیکس مظفرآباد میں طالبات کے درمیان بیڈمنٹن اور ٹیبل ٹینس سے شروع ہو گیا یہ ایونٹس تین روز تک جاری رہے گا۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پروین اختر اور ڈی او ورشہوار، نے اپنے دست مبارک سے ایونٹ کا آغاز کروایا۔ اس پورے ٹورنامنٹ کی میزبانی طیبہ خانم پرنسپل گورنمنٹ (بقیہ 54 صفحہ 03)

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
روزنامہ کشمیر دھرتی
HD NEWS
NEWS

ادارتی صفحہ

Editorial

پیلا رنگ


زیرو پوائنٹ
جاوید چودھری
www.facebook.com/javed.chaudhry

ہم کمرے میں بیس لوگ تھے اور ہم سب حالات کا رونا رو رہے تھے ہمارے پاس ظالم اور کنجوس تھے وہ صرف اپنے بارے میں سوچتے تھے ہم اپنی اپنی بیوی سے بھی تنگ تھے ہمیں ہمارے ملازمین نے زچ کیا ہوا تھا پورے ملک کے کلیے ہمارے دفتروں میں جمع ہو گئے تھے ہم میں سے آدھے بیمار تھے۔ کسی کو شوگر تھی، کسی کو بلڈ پریشر اور باقی سب کو دل، دماغ اور مثانے کے ایشوز تھے اور ہم سب دوستوں، احباب اور رشتے داروں کے ڈسے ہوئے بھی تھے کوئی اپنے سالے کی بے ایمانیاں سنا سنا کر بور کر رہا تھا اور کوئی اپنے بہنوئی کا سیاپا کر رہا تھا۔ لیکن مولوی خاموش بیٹھ کر سب کی سن رہا تھا ہم اسے تیس سال سے مولوی کہتے آ رہے ہیں اس کا جوانی میں مذہب کی طرف رجحان ہو گیا تھا لہٰذا ہم نے اسے مولوی کہنا شروع کر دیا تھا اس نے نہ صرف یہ نام قبول کر لیا بلکہ یہ خود بھی خود کو مولوی ظہیر الدین کہنے لگا وہ محفل میں خاموشی سے سب کی باتیں سن رہا تھا اور ہنس رہا تھا۔ میں نے محسوس کیا مولوی ہم سب کو انجوائے کر رہا ہے چنانچہ میں نے پوچھا ''کیا تمہاری زندگی میں کوئی مسئلہ نہیں؟'' اس نے ہنس کر انکار میں سر ہلایا اور پھر پوری طاقت کے ساتھ کہا ''بالکل نہیں الحمد؟ میں شاندار زندگی گزار رہا ہوں دور دور تک کوئی ایشو نہیں'' یہ سن کر کونے میں بیٹھے ظفر نے اونچی آواز میں گرہ لگائی ''مولوی جھوٹ بول رہا ہے پچھلے ہفتے اس کے بیٹے کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی یہ چھ ماہ سے بیروزگار بھی ہے اور اس کی بیگم بھی پندرہ دن سے اسپتال میں پڑی ہے۔ ہم نے مڑ کر اس کی طرف دیکھا مگر وہ بدستور مسکرا رہا تھا میں نے اس سے پوچھا ''کیا ان سب مسئلوں کے باوجود تم سمجھتے ہو تمہاری زندگی میں کوئی ایشو نہیں''۔

اس نے فوراً جواب دیا ''بالکل یہ معمولی مسائل ہیں اور یہ زندگی کا حصہ ہیں ہم جب تک حیات ہیں اس نوعیت کے مسئلے رہیں گے دوسرا یہ تمام مسائل حل ہو سکتے ہیں بیٹے کی ٹانگ ٹوٹ گئی لیکن یہ جلد یا بدیر ٹھیک ہو جائے گی میں تیسری مرتبہ بیروزگار ہوا ہوں پچھلی دو بے روزگاریوں کے بعد مجھے زیادہ اچھی نوکری مل گئی تھی ا? تعالیٰ اس بار بھی کرم کرے گا بیگم بیمار ہیں یہ اسپتال میں بھی ہیں لیکن وہاں وہ اکیلی نہیں ہیں وارڈ میں 23 بیمار خواتین ہیں دوسرا دنیا بھر کے اسپتال مریضوں سے بھرے ہوئے ہیں ان میں ایک میری اہلیہ بھی سہی ا? کرم کرے گا اور یہ بھی تندرست ہو جائیں گی۔ ا? نے مجھ پر بڑا رحم کیا ہوا ہے مجھے اس نے گھر، گاڑی اور اخراجات سے زیادہ پیسے دے رکھے ہیں میں کسی کا محتاج نہیں ہوں تم جیسے دوست بھی موجود ہیں لہٰذا پھر مسئلہ کیا ہے؟ ستے خیراں'' ہم حیرت سے منہ کھول کر اس کی باتیں سنتے رہے۔ کونے میں بیٹھے ہمارے ایک ڈاکٹر دوست نے اس سے پوچھا ''کیا تمہیں واقعی زندگی کی بے رحمی، لوٹ کھسوٹ، فریب اور منافقت سے کوئی شکایت نہیں؟''۔ مولوی نے یہ سن کر لمبی سانس لی اور ہماری طرف دیکھ کر بولا ''آپ ذرا اس کمرے پر نظر ڈالیں اور یہ بتائیں یہاں پیلا رنگ کہاں کہاں ہے؟'' میں نے فوراً چڑ کر کہا ''ہم تم سے سیدھا سوال کر رہے ہیں تم اس کا جواب دو'' مولوی نے سنجیدگی سے میری طرف دیکھ کر کہا ''میرے سوال میں ہی تمہارا جواب ہے تم بس یہ بتاؤ پیلا رنگ کہاں کہاں ہے؟''۔

ہم سب نے کمرے کی طرف دیکھا اور اسے پیلے رنگ کے بارے میں بتانا شروع کر دیا پردوں کے درمیان پیلے رنگ کی پٹی تھی، ٹیلی ویژن کی اسکرین پر پیلا رنگ نظر آ رہا تھا، کمرے کی پینٹنگز میں بھی پیلا رنگ تھا، تین لوگوں نے پیلی شرٹیں اور پتلونیں پہن رکھی تھیں اور ایک صاحب کے جوتے میں پیلے رنگ کا لکل تھا۔ ہم نے جب اسے پیلے رنگ کی تمام چیزیں گنوا دیں تو اس نے کہا ''تم جب کمرے میں پیلا رنگ تلاش کر رہے تھے تو یہاں دوسرے رنگ بھی تھے صوفہ سبز رنگ کا تھا، کرسیوں پر براؤن رنگ کے کشن تھے، کارپٹ نیلے رنگ کا تھا اور پردوں میں 90 فیصد سرخ رنگ تھا لہٰذا پورے کمرے میں رنگ ہی رنگ تھے۔ لیکن جب آپ پیلا رنگ تلاش کر رہے تھے تو آپ کو کوئی دوسرا رنگ نظر نہیں آیا، آپ کو بس پیلا دکھائی دے رہا تھا، زندگی بھی ایک کمرہ ہے آپ اس میں جو رنگ دیکھنا چاہتے ہیں آپ کو صرف وہی نظر آتا ہے۔ آپ اگر جرم کا رنگ دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ کو ہر طرف جرم ہی جرم نظر آئے گا، آپ اگر بیماری کا رنگ تلاش کریں گے تو آپ کو ہر طرف مریض دکھائی دیں گے، آپ اگر دھوکے، فراڈ، ظلم، زیادتی، بے روزگاری، کساد بازاری، ہڑتال، مہنگائی اور لاء لیس نیس کے رنگ دیکھنا چاہیں گے تو آپ کو ہر طرف صرف یہ رنگ نظر آئیں گے اور آپ یہ دیکھتے ہوئے یہ بھی بھول جائیں گے ان رنگوں کے ساتھ ا? کے کرم، ا? کے رحم، ا? کی نعمتوں اور اس کی مہربانیوں کے رنگ بھی تھے۔

لیکن آپ کیونکہ صرف پیلا رنگ تلاش کر رہے تھے تو آپ کو یہ رنگ نظر ہی نہیں آئے آپ کو یہ دکھائی ہی نہیں دیے'' وہ خاموش ہو گیا، کمرے میں پن ڈراپ سائلنس تھی، ہم سب ایک دوسرے کی طرف دیکھتے تھے اور پھر کمرے میں رہے بسے درجنوں رنگوں کی طرف دیکھتے تھے اور پھر سوچتے تھے مولوی کی بات غلط تو نہیں، واقعی کمرے میں درجنوں رنگ ہیں لیکن پیلا رنگ تلاش کرتے ہوئے ہمیں یہ رنگ نظر ہی نہیں آئے۔ میں 24 نومبر کو اپنے بچوں کے ساتھ لان میں بیٹھا تھا، نومبر کے آخری ہفتے کی دھوپ ہمیں گدگدا رہی تھی، میں کتاب پڑھ رہا تھا اور بچوں کے ساتھ گپ شپ کر رہا تھا، میرے بچے ملک کی صورت حال سے پریشان تھے، اسلام آباد بند تھا، پورے شہر میں کنٹینر لگے تھے، کوئی اسلام آباد میں داخل ہو سکتا تھا اور نہ باہر نکل سکتا تھا، ہمارے دفتر میں بھی دو دن سے کوئی ورکر نہیں پہنچا تھا، بچوں کے اسکول اور مارکیٹیں بھی بند تھیں، ہم گھروں تک محدود تھے۔ میرا بیٹا پریشان تھا، اس نے اس پریشانی میں پوچھا ''ملک کا کیا بنے گا؟'' میں نے مسکرا کر جواب دیا ''ملک کو کیا ہوا؟ بیٹا ہر چیز موجود ہے، سڑکیں بھی ہیں، ایئرپورٹس بھی ہیں اور تمام ادارے بھی موجود ہیں لہٰذا پھر ایشو کیا ہے؟'' بیٹے نے کہا ''میں 14 سال سے کام کر رہا ہوں اور 14 سال ہی سے ملک میں استحکام نہیں آیا، کبھی یہ سڑک بند اور کبھی وہ ہڑتال، انٹرنیٹ، اسکول اور راستے فوراً بند کر دیے جاتے ہیں، ملازمین دفتر نہیں پہنچ پاتے اور مریض اسپتال نہیں، فوج کی کمی تھی اب وہ بھی پوری ہو جاتی ہے، دوسرا مہینہ ہے اب فوج بھی طلب کر لی جاتی ہے اور گولی مارنے کا حکم بھی جاری ہو جاتا ہے۔

دو برسوں میں ہمارا اسٹاف آدھا رہ گیا ہے، ریونیو بھی نیچے سے نیچے آ رہا ہے اور فرسٹریشن میں بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے، ہمارا کیا مستقبل ہے؟'' وہ خاموش ہوا تو میں نے اس سے کہا ''بیٹا ہندو متھالوجی کے مطابق یہ وقت ''کل یگ'' ہے جس میں فساد اور منافقت دونوں انتہا کو چھو لیں گی لہٰذا آپ پاکستان کو چھوڑ دو اور پوری دنیا کو دیکھو، آپ کو اس وقت کسی جگہ استحکام، امن اور سکون نہیں ملے گا۔ بے شک ہمارے حالات خراب ہیں لیکن ہم کم از کم غزہ یا یوکرائن نہیں ہیں، آخر وہاں بھی انسان بستے ہیں اور ان کے ساتھ اس وقت وہاں کیا ہو رہا ہے؟ ذرا تصور کرو؟'' میں رکا اور اس کے بعد اسے پیلے رنگ کی پوری داستان سنائی اور اس کے بعد کہا ''بیٹا جی آپ تھوڑی دیر کے لیے دھرنوں، لانگ مارچ، رینجرز اور شہر میں گشت کرتے ہوئے فوجی دستوں کے رنگ دیکھنا بند کرو اور یہ دیکھو ہم لان میں اکٹھے بیٹھے ہیں، میٹھی اور نرم دھوپ ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں اکٹھا وقت گزارنے کا کتنا شاندار موقع دیا ہے۔ ہمیں کہیں نہیں جانا، ہم چھوٹے بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ گپیں لگا رہے ہیں، کتابیں پڑھ رہے ہیں اور انٹرنیٹ اور موبائل فون کی لعنت سے بھی محفوظ ہیں، ہمیں اور کیا چاہیے؟ میں نے بچپن میں ایک حدیث پڑھی تھی انسان کی زندگی کا بہترین وقت ایک بیماری کے بعد دوسری بیماری اور ایک مصروفیت کے بعد دوسری مصروفیت کے درمیان کا وقفہ ہوتا ہے، انسان کو اس سے لطف لینا چاہیے، ہم اس وقت دو مصروفیات کے درمیانے وقفے میں سانس لے رہے ہیں، ہمیں اس کا شکر ادا کرنا چاہیے اور فیملی لائف کو انجوائے کرنا چاہیے، کل کیا ہو گا ہم نہیں جانتے''

میرے بیٹے نے میرے ساتھ اتفاق نہیں کیا، زیادہ تر لوگ نہیں کرتے، کیوں؟ کیوں کہ ہم میں سے 90 فیصد لوگ نعمتوں کے رنگ چھوڑ کر مصیبتوں کے رنگ تلاش کرتے ہیں، یہ ان پر فوکس کرتے ہیں چناں چہ انہیں مصیبتوں کے رنگوں کے ساتھ موجود نعمتوں کے رنگ نظر نہیں آتے، یہ بے چارے یہ دیکھ ہی نہیں پاتے یہ اپنی آنکھوں سے دیکھ، کانوں سے سن، ہاتھوں سے پکڑ اور قدموں سے چل رہے ہیں، یہ جو کھانا چاہتے ہیں کھا لیتے ہیں اور اسے ہضم بھی کر لیتے ہیں، ان پر ا? کا کتنا رحم ہے یہ کسی اسپتال کے بیڈ پر نہیں پڑے اور یہ ٹیوب سے سانس نہیں لے رہے۔ یہ غزہ اور یوکرائن میں نہیں ہیں یا شمالی اور جنوبی قطب پر برف کے کسی تودے کے نیچے نہیں پھنسے ہوئے، آخر تودوں کے نیچے پھنسے اور یوکرائن اور غزہ کی تباہ حال عمارتوں میں درد کی دو گولیوں کا انتظار کرنے والے لوگ بھی ان جیسے انسان ہیں، ان میں اور ان میں صرف اتنا فرق ہے کہ ا? تعالیٰ نے انہیں مہلت دے رکھی ہے۔ یہ ابھی ان پر مہربان ہے لیکن انہیں ا? تعالیٰ کی اس مہربانی کا رنگ نظر نہیں آتا، یہ بس اس کی قدرت میں چھپا ہوا پیلا رنگ دیکھ رہے ہیں، یہ اپنے سکھ کو بھی دکھ کی طرح گزار رہے ہیں، کاش یہ لوگ یہ جان لیں دنیا میں پیلے رنگ کے علاوہ بھی رنگ ہیں، ہم بس وہ رنگ دیکھ نہیں پا رہے۔

ملک میں بدامنی کے بڑھتے واقعات

امیدوں کے چراغ

پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں ابھی چند دن قبل پاراچنار کے حادثہ میں دہشتگردوں کے ہاتھوں سیکڑوں لوگوں کا قتل عام جسکی وجہ سے ملکی فضا سوگوار تھی۔ اور ایسے حالات میں اسلام آباد ڈی چوک کے المناک حادثے کی وجہ سے شدید تناؤ پیدا ہو چکا ہے۔ کچھ عرصہ سے قانون کی حکمرانی قائم نہ ہونے کی وجہ سے ملک میں جھوٹی سیاست نے ملک کو معاشی طور تباہی کے کنارے پر پہنچا دیا ہے سرحدوں پر دہشتگردوں اور سکیورٹی فورسز کے درمیان جھڑپوں میں آئے روز افواج پاکستان کے نوجوان اور آفیسر جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں۔ ہر سال مختلف ناموں سے دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کیا جاتا ہے مگر دہشتگردوں کے ٹھکانے ختم نہیں کیے جا سکے۔ بیرونی دشمنوں سے زیادہ اندر کے دشمنوں کی وجہ سے ملکی سلامتی کو خطرات لاحق ہیں چاروں اطراف سے ملک کی سلامتی کو نقصان پہنچانے والے ملک میں عدم استحکام پیدا کر کے حالات کو خراب کر رہے ہیں۔ ایک ایٹمی ہتھیاروں سے لیس ملک میں۔۔۔ ایک مضبوط فوج۔ عدلیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے موجود ہونے کے باوجود امن قائم نہ ہو سکے وہاں کے حکمرانوں کے لئے ایک سوالیہ نشان ہے۔ ملک میں انرجی کرائسز اور مہنگائی کی وجہ سے ہر طبقے کے لوگ شدید معاشی بحران اور بے روزگاری کی وجہ سے پریشان کن صورت حال سے دوچار ہیں۔ ایسے حالات میں ملک کے ہر علاقے میں بدامنی اور لاقانونیت بڑھتی جا رہی ہے۔ دھرنے جلسے جلوسوں اور پرتشدد کارروائیوں سے ملکی سلامتی کے لئے خطرات پیدا ہو چکے ہیں اسلام آباد کے احتجاج کو روکنے کے لئے پورے ملک کے کنٹینرز کی جبری پکڑ دھکڑ اور راستے بند کرنے کی وجہ سے تاجر مزدور ملازم بیمار اور بیرون ملک اندورفت کے مسائل پیدا ہوئے کاروباری اور تجارت پیشہ لوگوں کا۔ اربوں ڈالر کا نقصان ہو گیا۔ ملک کے اندر طلب و رسد کے راستے بند ہونے کی وجہ سے ذخیرہ اندوزوں نے روزمرہ کی اشیاء خورد و نوش کو مہنگے دام فروخت کرنے اور چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے عوام کا جینا حرام کر دیا سیکڑوں مظاہرین اور سکیورٹی فورسز کے لوگ زخمی اور شہید ہو گئے۔ فیس بک اور سوشل میڈیا کے ذریعے مثبت سوچ پر پابندی کی وجہ منفی پروپیگنڈے کے ذریعے نفرتیں پھیلانے والوں نے حالات کو مزید خراب کر دیا ہے۔ اگر ملک میں قانون کی حکمرانی قائم ہو اور میرٹ کے مطابق حقداروں کو انکا حق دیا جائے تو حالات کبھی خراب نہیں ہو سکتے۔ گولی۔ گالی اور تشدد سے کبھی مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ جب تک ملک میں قانون کی حکمرانی قائم نہیں ہوگی انصاف سب کے لئے برابر نہیں ہوگا اس وقت تک ملک میں امن سکون معاشی اور معاشرتی خوشحالی محض ایک خواب ہے۔ دیگر موضوعات۔ آزاد کشمیر میں گزشتہ ایک سال سے حکومت اور عوامی ایکشن کمیٹیوں کے درمیان انرجی بحران کے خاتمے اور آٹے کی سبسڈی کے حصول کے لئے شدید تناؤ موجود تھا اور حالات اس قدر خراب ہو چکے تھے کہ وفاقی حکومت کی مداخلت اور فنڈ کے اجراء پر ریاستی حکومت اور ایکشن کمیٹیوں کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا۔ اور عوام نے سکھ کا سانس لیا۔ مگر ریاستی حکومت اور عوامی ایکشن کمیٹی کے درمیان ایک مرتبہ پھر ماحول خراب ہو چکا ہے ریاستی حکومت کے صدر کی جانب سے ایک ریاستی آرڈیننس کی وجہ سے حالات مزید خراب ہو چکے ہیں اور عوامی ایکشن کمیٹی نے پانچ دسمبر سے ایک مرتبہ پھر احتجاج کی کال دے دی ہے۔ پوری ریاست میں کسی قسم کی صنعت و تجارت اور روزگار کے ذرائع نہ ہونے کی وجہ سے ایک مرتبہ پھر عوام معاشی مشکلات کا شکار ہو گئے۔ لہٰذا ریاستی حکومت اور ایکشن کمیٹی کے ذمہداران کے درمیان مذاکرت کے ذریعے معاملات کو حل کرنے سے ریاست میں امن قائم ہو سکتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ احتجاج دھرنے لانگ مارچ اور سڑکیں بلاک کرنے سے قبل حکمران اور انتظامی ادارے اپنا مثبت کردار ادا نہیں کرتے۔ اگر مسائل کو حل کرنے کے لئے پرامن طور پر بروقت مذاکرات کئے جائیں تو عوام اور حکومت کے درمیان کبھی حالات خراب نہیں ہوتے۔

ریاست کے بیس کیمپ میں امن کا قیام انتہائی ضروری ہے اسلئے حکومت آزاد کشمیر کو پانچ دسمبر سے قبل پرامن مذاکرات کے ذریعے۔ معاملات کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے ورنہ ایک مرتبہ پھر ریاست میں پرامن ماحول خراب ہوگا۔

ایسے حالات میں بیرونی قوتوں کو اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کے لئے خلفشار پیدا کرنے کا موقع مل سکتا ہے جو کہ ریاستی عوام اور حکومت کسی کے لئے سود مند نہ ہوگا اس لئے دونوں جانب سے صبر و تحمل کے ذریعے متنازعہ معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنا سب کے لئے بہتر اور سود مند ہوگا۔ کوئی مانے نہ مانے ہم امیدوں کے چراغ جلاتے رہیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پاکستان کا لیجنڈری کرکٹر یونس خان کلین بولڈ

مہمان کالم
چوہدری راحیل جہانگیر

1999 کے دورہ آسٹریلیا میں پاکستان سیریز 3-0 سے ہارا اور ٹرائنگولر ٹورنامنٹ کے فائنل میں بھی شکست ہو گئی تو وسیم اکرم کی کپتانی اور کچھ کھلاڑیوں کی ٹیم میں جگہ باقی نہ بچی۔ کپتان تو سعید انور کو بنا دیا گیا جو زیادہ دیر نہ چل سکا لیکن اس سیریز میں بہت سے نئے کھلاڑیوں میں سے ایک کھلاڑی ایسا بھی تھا جس نے آگے چل کر بہت سے ریکارڈ توڑنے تھے اور بنانے تھے۔ اور ان تمام بنتے ٹوٹتے ریکارڈز کے درمیان بہت سی گالیاں بھی سننی تھیں۔ سری لنکا کے خلاف پہلے ون ڈے میں تین نئے لڑکوں کو موقع ملا۔ عمران عباس اسی سیریز میں ماضی ہو گیا، یاسر عرفات کچھ عرصہ کھیل گیا لیکن یونس خان جس نے پہلے ون ڈے میں ساتویں نمبر پر کھیلتے ہوئے 46 رنز بنائے، اور پھر پہلے ٹیسٹ میں سنچری بنا دی، ایک طویل عرصے تک قومی ٹیم میں کھیلا، ٹیم کی قیادت بھی کی اور ہاں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ بھی تو پاکستان یونس خان کی قیادت میں ہی جیتا تھا۔ یونس خان پاکستان کی طرف سے دس ہزار ٹیسٹ رنز بنانے والے واحد پاکستانی کرکٹر، پاکستان کی طرف سے سب سے زیادہ ٹیسٹ سنچریاں، سب سے زیادہ انٹرنیشنل سنچریاں بنانے والا بیٹسمین ہے۔ یونس نے جس ٹیم کے خلاف بھی ٹیسٹ کھیلا سنچری بنائی، جس ملک میں بھی ٹیسٹ کھیلا سنچری بنائی۔ آسٹریلیا، انگلینڈ، انڈیا جیسی بڑی ٹیموں کے خلاف بہترین کارکردگی پیش کی۔ یونس خان محدود اوورز کی کرکٹ کا بہت اچھا کھلاڑی نہیں رہا لیکن اس کے باوجود جتنا بھی کھیلا، اچھا کھیل گیا۔ یونس خان نے آسٹریلیا، انڈیا، بنگلہ دیش، انگلینڈ، زمبابوے کے خلاف ڈبل سنچریز بنائیں، سری لنکا کے خلاف تو ٹرپل سنچری ہی بنا دی۔ انڈیا کے خلاف دو بار 190+ میں آؤٹ ہو گئے تو آسٹریلیا میں 175 ایسے بنائے کہ ایک طرف یونس کے رنز کی لائن تھی تو دوسری طرف باقی بیٹسمینوں کی وکٹوں کی لائن تھی۔ سری لنکا میں پاکستان نے اپنا سب سے بڑا ٹیسٹ ہدف حاصل کیا تو اس میں بھی یونس خان کا کردار سب سے اہم تھا۔ ٹیسٹ کی چوتھی اننگ میں بیٹنگ مشکل ہوتی ہے لیکن یونس وہاں بھی چالیس اننگز میں پانچ سنچریز بنا گئے، پچاس سے زائد کی اوسط برقرار رکھی۔ ایک مڈل آرڈر بیٹسمین کو شروع میں ہی ٹیسٹ کرکٹ میں نمبر تین پر کھلا دیا گیا لیکن یونس وہاں بھی کمال کر گئے۔ ون ڈے کرکٹ میں یونس خان کی کارکردگی ان کے ٹیسٹ کیریئر کا پاسنگ بھی نہ رہی لیکن اس فارمیٹ میں بھی سات سنچریز کی مدد سے سات ہزار سے زائد رنز بنا دیے۔ یونس خان کو آج کل تقریباً تمام پاکستانی شائقین ہی پسند کرتے ہیں ورنہ ایک وقت ایسا بھی تھا کہ انڈیا کے خلاف اور انڈیا میں ایک اننگ میں 267 رنز بنانے کے بعد جب دوسری اننگ میں یونس خان بیٹنگ کے لئے آتا ہے تو ٹی وی سکرینز کے سامنے بیٹھے لوگوں سے برا بھلا ہی سنتا ہے۔ یاد ہے یہ وہی دور تھا جب شاہد آفریدی ٹیسٹ کرکٹ میں بھی ہربجن، کمبلے اور انگلش باؤلرز کی خوب دھلائی کر رہا تھا۔ یونس خان کے بورڈ کے ساتھ تعلقات بہت اچھے نہیں رہے 2006 میں چیمپئنز ٹرافی میں انضمام کی غیر موجودگی میں کپتانی کی آفر قبول کی، پھر انکار کر دیا اور پھر ٹورنامنٹ میں یونس خان ہی کپتانی کرتا نظر آیا۔ یونس خان کو مستقل کپتان بنایا گیا تو بھی معاملات درست راستے پر نہ چل سکے۔ پاکستان نے 2009 میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ یونس خان کی قیادت میں جیتا جس کے کچھ عرصہ بعد یونس نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ چھوڑ دی، اور پھر ٹیم کی قیادت بھی۔ پھر یہی سلسلہ بیٹنگ کوچ کے دور میں دہرایا گیا۔ یونس خان کے کیریئر کا سب سے مستحکم دور مصباح الحق کی کپتانی میں نظر آیا جب یونس تمام چیزوں کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف اپنی بیٹنگ پر توجہ دیتا نظر آیا۔ اس دوران یونس سری لنکا میں ایک مشکل ہدف کے تعاقب میں نہ صرف ایک خوبصورت اننگ کھیلتا ہے بلکہ اسی اننگ میں شان مسعود کی راہنمائی بھی کرتا نظر آیا۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف ویسٹ انڈیز میں پاکستان کی پہلی سیریز فتح جو کہ یونس خان کی آخری سیریز بھی تھی، میں یونس خان بیٹنگ میں تو زیادہ نہ چل پایا لیکن سیریز کی آخری وکٹ جس کی وجہ سے سیریز میں فتح حاصل ہو پائی اس میں یونس خان کے کردار کو کون بھول سکتا ہے۔

ضلع پونچھ، نظرانداز یا محض اتفاقا

مہمان کالم
آمنہ خورشید

آزاد کشمیر حکومت کی طرف سے نئی مشتہر کی گئی پولیس کانسٹیبل آسامیوں میں اس دفعہ ضلع وائز ترتیب بڑی عجیب سی ہے۔ جہاں ایک طرف پونچھ کو مکمل نظر انداز کیا گیا ہے وہیں ضلع سدھنوتی اور باغ کی نمائندگی بھی نا ہونے کے برابر ہی ہے۔ کہیں یہ سب اس لیے تو نہیں کیا جا رہا کے احتجاج اور حق کے لیے آواز اٹھانے کی وجہ سے پونچھ اور ان اضلاع کو زیر عتاب رکھا جا رہا ہے۔ بظاہر تمام تر شک و شبہات یہی پیدا کر رہے ہیں۔

لیکن اگر یہ اتفاق ہے یا اس میں کوئی اور پیچیدگی ہے تو وہ ایک الگ بحث ہے۔ مگر چند روز قبل وفاق کی طرف کشمیر حکومت کو سپیشل انفنٹری فورس تیار کرنے کے مطالبے کے فوراً بعد یہ بات ہضم کرنا مشکل ہے۔ اور یہ فورس ایک بڑے خاص مقصد کے لیے تیار کی جائے گی جسکا بنیادی مقصد احتجاج کو روکنا شامل ہے۔ اسی لیے یہ اس طرح کی فورس تشکیل دی جائے گی کے اس میں زیادہ سے زیادہ غیر ریاستی باشندوں کو شامل کیا جائے گا۔ اور بالکل یہی اس اشتہار میں نظر بھی آ رہا ہے کل 399 آسامیوں میں سے دو سو کے قریب آسامیوں پر مہاجرین مقیم پاکستان کو دی جائیں گی۔ مہاجرین کی نشستیں اور انکا سپیشل کوٹہ یہ ایسی چیزیں ہیں جنکی بنیاد پر آزاد کشمیر کو ہمیشہ گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ جب مہاجرین کو وہاں پاکستان کے قانون کے تحت روزگار یا کسی بھی قسم کے کاروبار کے لیے تحفظ فراہم کر کے انکو درجہ اول کا شہری قرار دیا گیا ہے تو پھر انکے لیے یہ سپیشل کوٹہ کیوں الگ سے مختص ہے۔ بحیثیت کشمیری میرا اور اکثریتی عوام کا حکومت سے پرزور مطالبہ ہے کے مہاجرین کی نشستوں اور اس کوٹے کو ختم کر کے اپنے اوپر اٹھانے لگے اس پھندے کی ڈوری کو ہمیشہ کے لیے کاٹ دینا چاہیے جس کی آڑ میں یہاں پر شکنجہ کسا جاتا ہے۔ وادی میں اگر آبادی کا تناسب بدلنے کا سلسلہ جاری ہے تو کیا اب وہی کچھ اس پار بھی سرکاری آسامیوں کی آڑ لے کر کیا جائے گا تاکے یہاں کے پرامن حالات سے چھیڑ چھاڑ کی جائے۔ سپیشل فورس بنتی ہے یا نہیں یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا اور کیا اس سپیشل فورس سے بھی وہی کام کروانے کا ارادہ ہے جو اس سے پہلے لال مسجد ,ماڈل ٹاؤن اور اسلام آباد میں فورسز کرتی آ رہی ہیں۔ گر یہ شوق یہاں بھی پورا کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں تو جناب اسے جاری رکھیے۔ عوام اب ان تمام ہتھکنڈوں کو سمجھ چکی ہے (بقیہ 56 صفحہ 03)

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔۔۔۔(ادارہ)

اویس قرنی اور عشق رسول ﷺ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

عشق رسول ﷺ کے آسمان پر اربوں چاند ستارے روز اول سے روز محشر تک اسی طرح چمکتے دمکتے رہیں گے۔ ان چاند ستاروں کی اپنی اپنی اہمیت اور نرالی ہی شان ہے لیکن ان چاند ستاروں کے جھرمٹ میں ایک ایسا روشن چاند بھی ہے کہ اس کے سامنے باقی سب کی چمک ماند پڑ جاتی ہے۔ جو اعزاز اور مقام مرتبہ اس روشن چاند کو ملا وہ اور کسی کے مقدر میں نہیں ہے کیونکہ سید الانبیا تاجدار عرب و عجم افضل البشر رحمۃ للعالمین خاتم النبیین والمرسلین نبی کریم ﷺ نے بار بار اس عاشق صادق کے عشق کا اعتراف اور برملا اظہار کیا ہے ساقی کوثر ﷺ نے کئی بار اس چاند حضرت اویس قرنی کی مدح سرائی کی ہے۔ خالق ارض و سما کی یہ کائنات پراسرار بھیدوں اور رازوں سے بھری ہوئی ہے سرور کونین ﷺ ساری عمر حضرت اویس قرنی سے محبت کا اظہار کرتے رہے اور حضرت اویس قرنی بھی ہر لمحے عشق رسول ﷺ گزارتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ کی بڑی حکمت کے تحت حضرت اویس قرنی کی آقائے دو جہاں ﷺ سے ملاقات نہ ہو سکی حضرت اویس اپنی نابینا اور ضعیف والدہ ماجدہ کی خدمت میں ہر وقت حاضر رہتے آپ ہمیشہ والدہ سے اجازت مانگا کرتے مگر وہ اجازت نہیں دیتیں تھیں بالآخر ایک دن آپ کی والدہ نے آپ کو اس شرط پر جانے کی اجازت دی کہ اگر نبی کریم ﷺ گھر پر موجود نہ ہوں تو رکنا نہیں واپس چلے آنا فخر دو عالم حضور پر نور ﷺ نے حضرت عائشہ سے فرما دیا تھا کہ خاصان خدا میں سے ایک شخص ہمارے گھر آئے گا اگر اتفاقاً میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس نیک مہمان کا بہت زیادہ احترام کرنا اور ان کا حلیہ ضرور یاد رکھنا کیونکہ ان کا حلیہ اور زیارت کرنا سعادت کی بات ہے ماں نے جب دیوانے کو مدینہ جانے کی اجازت دی تو ننگے پاؤں چاک گریبان سوئے مدینہ بھاگ کھڑے ہوئے خوشی کا یہ عالم کہ پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو محبت سے در و دیوار کو بوسے دیتے اور راہ گیروں سے پوچھتے اے لوگو میرے محبوب آقائے دو عالم ﷺ کا گھر مبارک کدھر ہے عالم وارفتگی و عشق میں حجرہ حضرت عائشہ پر پہنچے اور درد فراق میں ڈوبی آواز سے عرض کی میرے آقا ﷺ کدھر ہیں اس وقت نبی کریم ﷺ گھر پر تشریف فرما نہیں تھے ہماری ماں حضرت عائشہ نے عزت و احترام کرتے ہوئے فرمایا آپ اندر تشریف لے آئیں تو عاشق رسول ﷺ نے فرمایا میں اندر نہیں آ سکتا ماں سے آٹھ پہر کی اجازت لے کر آیا تھا چار پہر گزر گئے واپسی میں چار لگ جائیں گے اور الٹے پاؤں واپس لوٹ گئے اب ہجر و فراق کے زخم اور بھی گہرے ہو گئے۔ حضرت اویس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد محسن انسانیت محبوب خدا ﷺ گھر تشریف لائے اور فرمایا عائشہ یہ نور کیسا ہے تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ قرن سے اس حلیہ کا آپ ﷺ کا دیوانہ آیا تھا سلام کہہ کر واپس چلا گیا آقا ﷺ نے فرمایا یہ نور اویس کا ہے یہ وہی دیوانہ آیا ہو گا حضور ﷺ پر نور کی چشمان مبارک نم آلود ہو گئیں۔ آقا دو جہاں ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت اویس قرنی کو آپ ﷺ کے روضہ مقدسہ کی زیارت کا شوق کا غلبہ چڑھا اور اس وقت آپ کی والدہ ماجدہ بھی وفات پا چکیں تھیں تو آپ مدینہ منورہ تشریف لائے اور مسجد نبوی کے دروازے پر کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے کہا یہ نبی کریم ﷺ کا مزار شریف ہے تو یہ سن کر آپ بے ہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو فرمایا مجھے اس شہر سے باہر لے چلو کیونکہ جس زمین میں میرے آقا ﷺ آسودہ خاک ہیں وہاں میرا رہنا مناسب نہیں ایسی مقدس و مطہر جگہ قدم رکھنا بے ادبی ہے۔ اس عاشق کی شان دیکھیے جب سرور دو عالم ﷺ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کا جبہ مبارک کس کو دیا جائے سرور دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا اویس قرنی کو ایک روایت میں آتا ہے حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں ایک دن رسول کریم ﷺ نے مجھ کو آواز دی اے عمر میں بولا یا رسول اللہ ﷺ میں حاضر ہوں جو حکم ہو بجا لانے کو تیار ہوں حضرت عمر فرماتے ہیں کہ مجھے گمان ہوا کہ آقا نبی کریم ﷺ مجھے کسی کام سے کہیں بھیجیں گے لیکن پیارے آقا ﷺ نے مجھ سے یوں فرمایا اے عمر میری امت میں ایک شخص ہو گا جس کا نام اویس ہو گا اگر تم اس سے ملو تو تمہیں خدا کی یاد آئے گی تم جب بھی اس سے ملنا تو اس کو میرا سلام کہنا اور اس سے اپنے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک ایسا معزز ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر کسی بات پر قسم کھا بیٹھے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو سچ کر دیتا ہے۔ حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد سنتے ہی میں نے اس شخص کو تلاش کیا نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر کا دور ختم ہوا میں مسلسل اسی تلاش میں لگا رہا۔ ایک دن حضرت عمر کوفہ میں آئے اور خطبہ دیا اور کہا اہل نجد کھڑے ہو جاؤ وہ کھڑے ہو گئے پھر فرمایا تم میں کوئی قرن کا رہنے والا ہے تو قرن والوں کو امیر المومنین کے سامنے پیش کر دیا گیا حضرت عمر نے اویس قرنی کے بارے میں دریافت کیا تو زیادہ تر لوگوں نے انکار کیا لیکن ایک شخص بولا میں ایک دیوانے اور حقیر فقیر کو جانتا ہوں وہ لوگوں سے دور بھاگتا ہے وادی میں اونٹ چراتا ہے نہ آبادی میں آتا ہے اور نہ ہی کسی سے میل جول رکھتا ہے جب لوگ ہنستے ہیں تو وہ روتا ہے اور جب لوگ روتے ہیں تو وہ ہنستا ہے یہ باتیں سنتے ہیں حضرت عمر فاروق اور حضرت علی اس وادی کی طرف روانہ ہوئے جب یہ دونوں عظیم حضرات حضرت اویس قرنی کے پاس پہنچے تو وہ اس وقت نماز میں مشغول تھے اور اونٹوں کی حفاظت ایک فرشتہ کر رہا تھا۔ حضرت اویس قرنی نے نماز ختم کی تو حضرت عمر فاروق نے سلام کہا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا پھر حضرت عمر نے نام پوچھا تو انہوں نے کہا عبداللہ تو حضرت عمر نے جواب دیا کہ ہم سب بھی اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اپنا خاص نام بتائیں تو حضرت اویس نے جواب دیا اویس تو حضرت عمر نے فرمایا اپنا سیدھا ہاتھ دکھائیں جب حضرت اویس نے ہاتھ دکھایا تو حضرت عمر نے وہ نشانی موجود پائی جو نبی کریم ﷺ نے اشارہ کیا تھا حضرت عمر نے اس نشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا رسول خدا ﷺ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور فرمایا کہ میری امت کے لیے دعا کریں حضرت اویس قرنی بولے اچھا تو لاؤ اور مجھے رسول کریم ﷺ کا مرقع دو تاکہ میں دعا کروں حضرت عمر نے مرقع رسول ﷺ حضرت اویس قرنی کو دیا اور کہا اب اس کو پہن کر دعا کریں۔ حضرت اویس قرنی نے کہا کہ صبر کریں ان سے دور جا کر مرقع کسی گوشہ میں رکھا اور پیشانی کو خاک پر رگڑ کر عرض کہ یا الٰہی جب تک تمام امت محمدی ﷺ کو نہ بخش دے گا اس مرقع کو جو تیرے محبوب ﷺ نے مجھے بھیجا ہے نہیں پہنوں گا۔ غیب سے آواز آئی میں کچھ امت کو بخش دیا لباس پہن لیں عرض کیا کہ جب تک تمام امت کو بخشوا نہیں لوں گا اس وقت تک یہ لباس نہیں پہنوں گا یہ تکرار بڑھتی چلی گئی اور امت کی بخشش میں اضافہ ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ حضرت عمر اور حضرت علی آپ کے پاس آتے ہیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔

جب حضرت عمر اور حضرت علی قریب آئے تو بولے ہائے افسوس تم لوگ یہاں کیوں آ گئے اگر نہ آتے تو میں جب تک ساری امت محمدی ﷺ کو بخشوا نہ لیتا یہ لباس نہ پہنتا۔ پھر حضرت اویس قرنی نے آقائے دو جہاں ﷺ کا لباس مبارک پہن لیا اور کہا اللہ تعالیٰ نے ربیعہ اور مضر کی تعداد کے برابر امت محمدی ﷺ کو اس لباس شریف کی برکت سے بخش دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

امت احمد مرسل

سردار محمد حلیم خان
haleemk786@gmail.com

یکم دسمبر کو آزاد کشمیر کے مردم خیز خطے بھیرہ اکرم آباد میں حمزہ قاسم شہید کانفرنس کے موقع پر نوجوانوں کی پرجوش شرکت نے دل خوش کر دیا۔ اس وقت دنیا کے مختلف حصوں میں مسلمان اپنی آزادی کے لیے مصروف عمل ہیں ان پر قابض طاغوت صرف ایک چیز سے خوفزدہ ہے اور وہ ہے جہاد۔ کیوں کہ جہاد کا باطل کے پاس کوئی توڑ نہیں۔ طاغوت نے نت نئی ہلاکت خیز ٹیکنالوجی ایجاد کر لی ہے لیکن فلسفہ جہاد سے آگاہ نوجوانوں کا مقابلہ کرنے میں ساری ٹیکنالوجی ناکام ہے۔ جو مسلمان جان دینے میں کامیابی سمجھتا ہے۔ جس کے نزدیک ایڈیل زندہ رہنے کی تگ و دو کرنے والا کوئی فرد نہیں بلکہ وہ صحابہ کرام ہیں جو جسم پہ نیزے یا تلوار کا گھاؤ کھاتے تھے موت سامنے نظر آتی تھی تو کف افسوس نہیں ملتے تھے بلکہ کہتے تھے فزت برب کعبہ۔ رب کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا۔ اس جذبے کو مٹانے کے لیے ہر حربہ اختیار کیا گیا۔ کھیل و ثقافت کے نام پہ نئے نئے ہیرو تراشے گئے لیکن اصل ہیرو اج بھی وہی صحابہ کرام ہیں موت کو گلے لگاتے وقت فزت برب کعبہ کا نعرہ مستانہ بلند کرنے والے۔

بھارت نے بھی کشمیری مجاہدین سے عاجز اکر ہر حربہ ازمایا۔ جنرل مشرف اور جنرل باجوہ جیسے بزدلوں کو ڈرا دھمکا کر مجاہدین کی پشتیبانی سے بھی ایک طرف باز رکھا تو دوسری طرف جہاد کشمیر کے خلاف الیکٹرانک پرنٹ اور سوشل میڈیا پر بھرپور پروپیگنڈا کیا۔

برعظیم یورپ اور امریکہ میں مقیم کشمیریوں سے ضمیر فروشوں کو بھی خریدا اور جہاد کو ایک تہمت بنا دیا۔ بے حسی اور مفاد پرستی خود غرضی کے طوفان میں حمزہ قاسم جیسے پرعزم نوجوانوں کا اٹھ کر کنٹرول لائن پار کرنا جذبہ ایمانی کی تابانی کے سوا ممکن نہیں۔ یہ سارا خطہ جو کرنل ہدایت خان جیسے درویشوں نے آزاد کروایا اپنے اندر بے شمار ایسے سپوت رکھتا ہے۔ حمزہ قاسم تو ہیں ہی پھگوائی کی حریت پسند دھرتی اور شہدا کے گھرانے کے چشم و چراغ۔ ان کے چچا نذیر انصاری شہید آزاد کشمیر کے پہلے شہید تھے جنہوں نے افغانستان لوگر میں سوویت سرخ سامراج کے خلاف لڑتے ہوئے جام شہادت پیش کیا ان کے کزن مقبوضہ کشمیر میں جام شہادت نوش کر چکے ہیں۔ ابھی تین دن پہلے انجم شہید اور حامد۔ شہید کا یوم شہادت منایا گیا۔ دونوں عظیم شہدا اسی حلقے سے تعلق رکھتے تھے۔ جہاد مخالف بھارتی میڈیا کی زبان بولنے والے پروپیگنڈا کرتے ہیں نوجوانوں کو ورغلا کر کنٹرول لائن پار بھیجا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ۔ سارے نوجوان جن گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں وہ سادہ لوح نہیں ہیں کہ کوئی انہیں ورغلا سکے۔ حامد شہید کا تعلق تراڑکھل سے تھا اور سابق ڈائریکٹر تعلیم عبدالوحید صاحب کے صاحبزادے تھے جبکہ انجم شہید کھائیگلہ سے تھے اور صدر معلم راجہ خادم حسین صاحب کے صاحبزادے تھے۔ یہ گھرانے تو علم و نور بانٹتے ہیں شہادت کی قندیل بھی ان ہی کے حصے میں آئی۔ خوش قسمت ہیں وہ والدین جن کے بچے شہادت کے منصب پہ فائز ہو کر ان کے لیے جنت کا ذریعہ بنتے ہیں کشمیر کی ازادی کا راستہ یہی ہے کہ بھارت کو پے در پے زخمی کر کے اس بات پہ مجبور کیا جائے کہ وہ کشمیریوں کی مرضی کے مطابق حق خود ارادیت دینے پہ مجبور ہو جائے اور اٹوٹ انگ کی رٹ چھوڑ دے۔ اس کے علاوہ کشمیر کی آزادی کا کوئی راستہ نہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

فوج کے سہارے انقلاب نہیں آیا کرتے

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

اگر پی ٹی آئی کے ورکرز جناب عمران خان کو ابھی تک انقلابی لیڈر سمجھتے ہیں تو واقعی وہ بہت بھولے اور معصوم ہیں۔ عمران خان کی یہی سب سے بڑی خوش قسمتی ہے کہ ان کے پارٹی ورکرز ان سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ اتنی زیادہ کہ ان کی یہ محبت اب عقیدت میں بدل چکی ہے۔ آپ جانتے ہی ہیں کہ محبت ہو یا عقیدت اس کا براہ راست تعلق دل سے ہوتا ہے۔ ایسے جذبات میں عقل کو پاس آنے کی زحمت نہیں دی جاتی۔ جب بھی بندہ اپنی بے پناہ محبت یا عقیدت کو عقل کی کسوٹی پر پرکھتے ہوئے سود و زیاں کا حساب کرنے بیٹھتا ہے تو محبت کے رنگ پھیکے پڑنے لگتے ہیں۔ محبت کو دوام دینے کے لیے پاسبان عقل سے دوری لازمی ہوتی ہے۔

کس کو اس بات کا نہیں پتا کہ جناب عمران خان 2018ء میں ایک دھاندلی زدہ الیکشن کے ذریعے اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ کے کاندھوں پر سوار ہو کر اقتدار میں آئے تھے۔ لاکھ کوشش کے باوجود اور راتوں رات مخالف امیدواران کی وفاداریاں تبدیل کروانے کے علاوہ بعض مخالف امیدواران کے عین وقت پر ٹکٹ واپس دلوانے کے باوجود جب حکومت سازی کے لیے ایم این اے مطلوبہ تعداد میں جیت نہ سکے تو جناب جہانگیر ترین کے جہاز نے اپنی کرشماتی اڑان بھری تھی اور عمران خان کو وزارت عظمیٰ کے منصب جلیلہ پر فائز کر دیا گیا۔

اپنے دور حکومت میں عمران خان پاک فوج کے گن گاتے رہے۔ اس کے ساتھ ایک صفحے پر ہونے کا فخریہ اظہار کرتے رہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر فوج کے حق میں مہم بھی چلوائی اور تین سال سات ماہ اکیس دن تک اسی فوج کے بل بوتے پر حکومت بھی کرتے رہے۔ انہوں نے اس بات کا بھی برملا اعتراف کیا کہ ایوان میں قانون سازی کرتے وقت فوج ہی ان کی حکومت کو ممبران کی تعداد پوری کر کے دیتی تھی۔ اس بات سے بھی آگاہ ہیں کہ ان کے دور حکومت میں قومی اسمبلی کے معاملات ایک حاضر سروس کرنل چلاتے رہے ہیں۔

یہ عمران خان کی بدقسمتی رہی کہ وہ اپنے لانے والوں کی توقعات پر پورا نہ اتر سکے۔ جب اسٹیبلشمنٹ کی چھتری سر سے اتری تو انہیں پتا چلا کہ دھوپ، بارش اور اولوں سے بچنے کے لیے انہوں نے اپنے طور پر تو کوئی بندوبست کیا ہی نہیں تھا۔ اپوزیشن کا تعاون کے لیے بڑھا ہوا ہاتھ ہر مرتبہ انہوں نے حقارت سے جھٹک دیا تھا۔ اپوزیشن کو موقع مل گیا اور آئینی طریقے سے تحریک عدم اعتماد کے ذریعے انہیں گھر بھیج دیا گیا۔

اقتدار سے محرومی کو عمران خان نے جی کا روگ بنا لیا اور اسی فرسٹریشن میں 9 مئی کر ڈالا۔ ان سے بار بار کہا گیا کہ وہ سیاسی قوتوں سے ڈائیلاگ کریں مگر انہوں نے ہر مرتبہ اس سے انکار کیا۔ اس کی وجہ ایک ہی ہے کہ وہ جانتے ہیں مذاکرات کی میز پر سیاست دانوں کا مقابلہ نہ کر پائیں گے۔ اپنے مخالفین سے ہار جائیں گے۔ وہ ایک ہی بات کہتے ہیں کہ مذاکرات صرف فوج سے کیے جائیں گے۔ اسی ضد کی وجہ سے 9 مئی کے بعد اپنی پارٹی سے سانحہ 26 نومبر بھی کروا بیٹھے ہیں۔

ان کے ورکرز اور مقلدین کو فخر ہے کہ ان کا لیڈر ڈیل نہیں کر رہا جبکہ 24 نومبر کے احتجاج کے مطالبات اس دعوے کی سراسر نفی کرتے ہیں۔ اس احتجاج کے نتیجے میں وہ اپنے تین مطالبات منوانا چاہتے تھے۔ پہلا مطالبہ عمران خان اور سانحہ 9 مئی کے گرفتار شدگان کی رہائی۔ دوسرا مطالبہ (بقول ان کے) اپنے چھینے گئے مینڈیٹ کی واپسی اور تیسرا مطالبہ نئے انتخابات۔

آپ پوری تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں۔ کوئی انقلابی لیڈر اپنی رہائی کا مطالبہ کرتا نظر نہیں آئے گا۔ یہی تو ڈیل ہے۔

اسٹیبلشمنٹ کے سیاسی کردار سے بظاہر اختلاف کرنے والے عمران خان اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ سیاسی ڈائیلاگ کے خواہاں ہیں۔ دراصل یہ بھی ڈیل کی ہی خواہش اور کوشش ہے۔ وہ ایک مرتبہ پھر فوج کے کاندھوں پر سوار ہو کر اقتدار میں آنا چاہتے ہیں۔ ان کی یہ خواہش کچھ غلط بھی نہیں ہے کہ اس کے بغیر کسی بھی سیاسی پارٹی کا گزارا نہیں ہے۔

سیاست میں کچھ بھی حرف آخر نہیں ہوتا۔ پی ٹی آئی کے اقتدار کے دنوں میں ن لیگ کے خاتمے کی باتیں کی جاتی تھیں۔ آج پی ٹی آئی پر پابندی کی قراردادیں اسمبلیوں سے پاس ہو رہی ہیں۔ ہو سکتا ہے آنے والے وقت میں اقتدار کا ہما پھر عمران خان کے سر پر بیٹھ جائے۔ اس کے لیے وہ بار بار فوج کے ساتھ مذاکرات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ ایک مرتبہ پھر پرانی تنخواہ پر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہیں علم ہے کہ اس کے بغیر وہ کبھی اقتدار میں نہیں آ سکیں گے۔ سوال یہ ہے کہ فوج کے ساتھ ڈیل کر کے اقتدار میں آنے والا انقلابی ہو سکتا ہے؟

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ویمن یونیورسٹی آزاد جموں کشمیر باغ کا ایک روشن عشرہ۔

مہمان کالم
ڈاکٹر انیس قمر عباسی

انسان جب زیور تعلیم سے آراستہ ہوتا ہے تو واقعی وہ انسان ہوتا ہے، ہر زمانے میں تعلیم یافتہ حضرات کی قدر و قیمت رہی ہے، تعلیم کے بغیر ترقی و عروج کی خواہش، بے بنیاد خواہش ہے، انسان کی تافیت کے لیے، دینی تعلیم، اسلامی تربیت، ایمانی شائستگی اور انسانی عادات و آداب کی اتنی ہی ضرورت ہے، جتنی ضرورت مچھلی کے لیے پانی کی ہے، تعلیم وہ نسخہ ? کیمیا ہے، جس سے مردوں کی مسیحائی عمل میں آ سکتی ہے، یہی وجہ ہے کہ احادیث میں تعلیم کے حصول کی افادیت و اہمیت کی بہت تاکید کی گئی ہے۔ تعلیم ایسی کنجی ہے جس سے کامیابیوں کے تمام تالوں کو کھولا جا سکتا ہے۔ اس لئے ہر دور میں اس کی سب سے زیادہ اہمیت رہی اور وہی قوم اس دنیا میں اپنا نام، مقام اور اہمیت درج کرا سکی جس کے پاس یہ زیور تھا۔ تعلیم کے بغیر نہ تو کوئی قوم آگے بڑھی ہے اور نہ ہی کوئی کارنامہ انجام دے سکی ہے خداوند قدوس نے دنیا کو آباد رکھنے کے لیے حضرت آدم ? کے ساتھ حضرت حواء کو بھی پیدا فرمایا اور پھر ان دونوں سے نسل انسانی کا سلسلہ شروع ہوا اور ایک تناسب سے مرد و خواتین کی تخلیق ہوتی رہی۔۔۔ مردوں کی تعلیم پر ابتدا آفرینش سے ہی زور دیا جاتا رہا ہے اور اس طبقہ کا ایک حصہ کسی نہ کسی درجے میں ہر دور میں تعلیم حاصل کرتا رہا ہے۔ اگر کسی صنف کو اس دولت سے محروم کیا گیا تو عورت کی ذات تھی۔ پہلے خواتین کے بارے میں معاشرہ کا نظریہ انتہائی پیچیدہ تھا معاشرہ خواتین کو صرف ایک شے تصور کرتا تھا اس کے علاوہ اس کے ذہن میں کبھی یہ نہیں آتا تھا اگر معاشرے میں خواتین تعلیم یافتہ ہوں گی تو اس سے سب سے زیادہ بھلا معاشرے کا ہوگا۔ کیوں کہ ایک تعلیم یافتہ خاتون پورے خاندان کو تعلیم یافتہ بنا سکتی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی ناخواندہ خاتون ہے اس سے خاندان جہالت کے دلدل میں پہنچ جاتا ہے۔ اسی لئے اسلام میں تعلیم کو مرد اور عورت دونوں پر فرض قرار دیا گیا اور جگہ جگہ اس کی اہمیت بیان کی گئی۔ بقول نپولین بونا پارٹ: "بہترین قومیں بہترین مائیں ہی بنا سکتی ہیں" تعلیم نسواں سے کسی ملک میں معاشی و اقتصادی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں اور معاشرہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔ اسی طرح کسی قوم کی ترقی و خوشحالی کا انحصار عورت و مرد کی تعلیم پر بھی ہے۔ عورتوں کی بنیادی تعلیم کا مقصد انہیں علم سے آگاہ اور ان کی اچھی صلاحیتوں کا اجاگر کرنا ہے، ان کے ذہن کے بند دریچوں کو کھولنا ہے۔ جس معاشرے میں عورتیں تعلیم یافتہ ہوتی وہ معاشرے ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔ اگر چہ تعلیم اور خواندگی کے لحاظ سے پوری ریاست جموں کشمیر اور بالخصوص آزاد کشمیر ہمیشہ سے سر فہرست ہی رہا ہے لیکن ریاست بھر میں خواتین کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع نسبتاً کم تھے۔ تعلیمی اداروں میں روایتی سیاست اور موجودہ دور کی بڑھتی ہوئی بے راہروی کی وجہ سے والدین پریشان تھے۔ اگر چہ مخلوط جامعات موجود تھیں لیکن ایک قبائلی اور مذہبی پس منظر رکھنے کی وجہ سے آزاد کشمیر کے لوگ عموماً یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ وہ اپنی بچیوں کو مخلوط نظام تعلیم کا حصہ بنائیں۔

اس خاص پس منظر کو سامنے رکھ کر ابتدائی طور پر 2012 میں اس یونیورسٹی کے قیام اور اس کو چلانے کی کوشش ہوئی لیکن مختلف وجوہات کی بنیاد پر اس میں کامیابی نہ مل سکی اور پھر جب 2014 میں اس کے مستقل وائس چانسلر کی تقرری ہوئی تو یہ یونیورسٹی زمین پر نظر آنے لگی۔ اور آج سے ٹھیک 10 سال قبل 26 نومبر 2014 کو اس کے پہلے اکیڈمک سیشن کا افتتاح کیا گیا تھا۔ اور اس سفر کی ابتدا ہوئی تھی جو محض 170 طالبات، 8 ڈگری پروگرامز اور چند فیکلٹی ممبران، پر مشتمل تھا۔ آزاد کشمیر جیسے خطہ میں جہاں سیاسی مداخلت اور دیگر مسائل کی وجہ سے باغ جیسے علاقہ میں ریاست بھر بلکہ پاکستان بھر کی طالبات کے لیے جامعہ کا قیام کوئی آسان کام نہ تھا۔ آزاد کشمیر میں قائم باقی سب جامعات پہلے ایک کیمپس کی صورت میں موجود تھے لیکن یہ واحد یونیورسٹی تھی جس کو بالکل بنیاد سے اور بغیر کسی اثاثے کے شروع کیا گیا۔ اور اس میں سابقہ اور موجودہ وائس چانسلر کی جانفشانی اور قیادت نے اس خواب کو شرمندہ تعبیر کیا اور اب یہ ایک ایسی حقیقت کا روپ دھار چکی ہے جو آنے والی نسلوں کو تیار کر رہی ہے۔ وہ سفر کہ جو کچھ سال قبل:

170 طالبات سے شروع ہوا تھا وہ اب ہزاروں طالبات تک جا پہنچا ہے۔ اساتذہ سے شروع ہوا تھا وہ اب 120 کوالیفائڈ اساتذہ تک جا پہنچا ہے۔

2 ملین کے بجٹ سے شروع ہوا تھا وہ اب تقریباً 600 ملین تک جا پہنچا ہے۔ ایک انچ زمین کے بغیر شروع ہوا تھا لیکن اب یونیورسٹی ہزاروں کنال اراضی موجود ہے۔

• بغیر کسی کلاس روم کے سٹارٹ ہوا تھا آج اپنی عمارات آج سٹیٹ آف دا آرٹ عمارات تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ بغیر کسی لیبارٹری سے شروع ہوا تھا اور اب ہر شعبہ کی جدید سامان سے آراستہ لیبارٹریز موجود ہیں۔ • اربوں روپے کے تعمیراتی پراجیکٹس زیر کار ہیں۔ • صرف 3 پی ایچ ڈی ٹیچرز موجود تھے لیکن اب 60 فیصد پی ایچ ڈی ٹیچرز جن میں سے فیکلٹی ممبران اسی یونیورسٹی کے فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام پر بیرون ممالک اور اندرون ملک سے پی ایچ ڈی کر چکے ہیں۔ • بغیر کسی گاڑی کے (بقیہ 55 صفحہ 03)

درستگی نام

میرا اصل نام بمطابق نادرا ریکارڈ اختر خان ولد گلاب خان ہے جبکہ ریکارڈ مال میں غلطی سے شبیر حسین درج ہے۔ لہٰذا درستگی کی جائے۔ المشتہر: اختر خان ولد گلاب خان ساکن کیتھان دھمنی شرقی ڈاک خانہ و تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر۔

بقیہ 1

دارالحکومت میں شہری صفائی کے لیے درپیش مسائل کا خاتمہ کریں گے۔ عوامی ایکشن کمیٹی سے حکومتی مصالحتی کمیٹی مسلسل رابطہ میں ہے، اختلاف جمہوریت کا حسن ہے ہم احتجاج کرنے والوں کا نقطہ نظر سننے کے لیے ہمہ تن تیار ہیں، پلیٹ کے تاجران کے مسائل جائز، وفد کی صورت میں آئیں ملیں، مسائل سنے بھی جائیں گے اور فوری حل کیے بھی جائیں گے، بات کرنے والوں سے ضروریات کی بھی جائے گی اور سنی بھی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پلیٹ کے مقام پر تاجروں سے گفتگو کے دوران کیا۔ اس موقع پر وزراء حکومت عبدالماجد خان، سردار جاوید ایوب، دیوان علی خان چغتائی، مشیر محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ثارہ عباسی سمیت انتظامیہ وبلدیہ افسران، سیاسی کارکنان اور تاجران کی بڑی تعداد موجود تھے۔ وزیراعظم آزادکشمیر چوہدری انوارالحق نے کہا کہ حکومت کی جانب سے آٹا اور بجلی پر سبسڈی جاری رہے گی۔ تاجران کی جانب سے صفائی کا معاملہ اٹھانے پر بلدیہ کے حکام کو ہدایات جاری کردی ہیں۔ آئندہ چند دنوں میں پلیٹ سمیت شہر بھر میں لائٹنگ اور صفائی سے منسلک مسائل کا خاتمہ ہو جائے گا۔ تاجروں کے مطالبات سننے کے لیے تیار ہیں۔ احتجاج سے کوئی اختلاف نہیں اگر کوئی احتجاج کرے گا تو اسے بھی سنا جائے گا اور بات چیت کے لیے آنے والوں کو بھی خوش آمدید کہیں گے۔ وزیراعظم آزادکشمیر نے کہا کہ تاجران کے جملہ مسائل کو حل کیا جائے گا۔ پیس فل اسمبلی اینڈ پبلک آرڈر آرڈیننس پر طویل البیاد کمیٹی بنادی گئی ہے، جس میں ہر طبقہ کے نمائندوں کو نمائندگی کا حق دیا جائے گا۔ تاریخ ساز ہیلتھ پیکج سے صحت کے شعبہ میں عوام کو زبردست ریلیف ملے گا۔ مذاکرات کرنے والوں کے ساتھ مذاکرات کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ وزیراعظم آزادکشمیر نے کہا کہ یہاں پلیٹ کسی کی دعوت پر آیا تھا جہاں بھی کوئی بلائے گا تو ضرور جاؤں گا۔ حکومتی مصالحتی کمیٹی کا عوامی ایکشن کمیٹی سے رابطہ برقرار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیجان بلاجواز ہے آٹا اور بجلی پر سبسڈی جاری رہے گی۔ سب قانون کے سامنے جوابدہ ہیں۔ قانون کے دائرے میں اٹھنے والی آواز کو ضرور سنا جائے گا اور مسائل کو حل بھی کیا جائے گا۔ ہمارا مشن عوام کی فلاح ہے عوامی فلاح کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ تاجران کی جانب سے صفائی کے مسائل پر وزیراعظم نے بلدیہ اور انتظامیہ کو فوری احکامات دیئے۔ وزیراعظم نے پلیٹ کے تاجران سے کہا کہ افواہوں پر کان نہ دھریں۔ آٹا اور بجلی پر سبسڈی جاری رہے گی۔ وفد کی صورت آئیں، مسائل بیان کریں، حکومت مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھائے گی۔ بعدازاں وزیراعظم آزادکشمیر نے پلیٹ بازار کا دورہ بھی کیا

بقیہ 2

نے گرفتاری ڈال کر سات روزہ جسمانی ریمانڈ کی درخواستیں عدالت میں پیش کردیں۔ درخواستوں کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوئی، پراسیکیوٹر امین منہاس کے مطابق تھانہ نیو ٹاؤن کیس میں جسمانی ریمانڈ مکمل ہوگیا جبکہ دیگر کا لیا جائے گا۔ واضح رہے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف 28 ستمبر، 4 اکتوبر اور 5 اکتوبر احتجاج کے 6 مقدمات درج ہیں، ان مقدمات میں احتجاجی سرگرمیوں، عوامی فساد اور قانون کی خلاف ورزی کے الزامات شامل ہیں۔

بقیہ 3

بھیجنا اور وصول کرنا دشوار ہوگیا۔ وائی فائی ہو یا موبائل ڈیٹا سروس، صارفین کے لیے کسی بھی صورت انٹرنیٹ کا استعمال ذاتی کوفت کا سبب بننے لگا ہے، گھروں سے کام کرنے والے ہوں یا فری لانسرز، ڈیجیٹل مارکیٹنگ سے وابستہ افراد ہوں یا آن لائن کلاسز لینے والے طالب علم انٹرنیٹ میں خلل کے باعث سب ہی شدید پریشان ہیں۔ پاکستان کے معاشی حب کراچی میں بھی انٹرنیٹ سپیڈ تاحال سست ہونے کی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ کئی علاقوں میں آڈیو، ویڈیو، تصاویر کی ترسیل میں حد سے زیادہ وقت لگ رہا ہے۔ پاکستان میں انٹرنیٹ کی انتہائی خراب صورتحال پر آئی ٹی ماہرین کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ کی سست روی سے ملکی معیشت کو روزانہ کی بنیاد پر اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ آئی ٹی ماہرین کے مطابق پاکستان کا مجموعی طور پر ٹیلی کام سیکٹر کا منافع 3 ارب روپے یومیہ ہے، ٹیلی کام سیکٹر کا 60 سے 70 فیصد یومیہ منافع 3 جی اور 4 جی نیٹ ورک سے جڑا ہے لیکن انٹرنیٹ مسائل کے باعث ٹیلی کام سیکٹر سمیت متعدد شعبے شدید متاثر ہو رہے ہیں

بقیہ 4

وزیراعظم کو ملکی معیشت کے لیے دن رات محنت کرنے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے پر مبارکباد دی۔ شہباز شریف نے بیرسٹر امجد ملک کو وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل اور انکی فلاح کے لیے وفاق اور پنجاب مل کر اقدامات کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز میرے دل کے انتہائی قریب ہیں اور اوورسیز وزارت، اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن اور اوورسیز کمیشن میں پہلی فرصت میں تعیناتیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ ن لیگ کی حکومت کام کرنے اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ او پی ایف اور او پی سی پنجاب مل کر سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے اقتصادی پہیہ گھمانے اور اسٹاک ایکسچینج کو بلند سطح پر لے جانے پر حکومت کو مبارکباد دی۔ امجد ملک نے کہا کہ اگر 9 مئی کے بلوائیوں کے وقت پر ٹرائل ہو جاتے تو اب صورتحال مختلف ہوتی۔ انہوں نے تارکین وطن کے لیے اسپیڈی ٹرائل کورٹ کا قانون پاس کروانے اور پی آئی اے کی یورپ میں ڈائریکٹ فلائٹ کی پابندی کے خاتمے پر وزیراعظم اور انکی ٹیم کی کوششوں کو سراہا۔ بیرسٹر امجد ملک کا کہنا تھا کہ ہمیں مگر بیرون ملک سوشل میڈیا پروپیگنڈا فیکٹریوں کے عمل دخل اور فیک نیوز کو روکنا ہوگا تاکہ ہیجان، عوام میں سنسنی خیزی اور نفرت کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے

بقیہ 5

چیف پراسیکیوٹر آزاد کشمیر احتساب بیورو رہے۔ چیئرمین احتساب بیورو کے عہدے پر تقرری کے بعد بھی ان کے خلاف ہائی کورٹ میں رٹ دائر کی گئی تھی جو خارج کردی گئی تھی۔ بعدازاں سپریم کورٹ میں ان کے خلاف سنگین نوعیت کے الزامات لگا کر رٹ پٹیشن دائر کی گئی جس پر ابھی فیصلہ ہونا باقی ہے۔ ایک ہفتہ قبل ایک سیکرٹری حکومت کو بھی گرفتار کرنے کے بعد بیورو کریسی نے ان کے خلاف سخت احتجاج ریکارڈ کروایا تھا۔ پیر کو انہوں نے اپنا استعفیٰ چیف سیکرٹری کو ارسال کیا جو منظور کرلیا گیا۔

بقیہ 6

فاؤنڈیشن (یو کے) اور دی مارک فیلڈ انسٹی ٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن (یو کے) کے ساتھ مل کر (کل) بروز بدھ 4 دسمبر 2024 کو امن، ہم آہنگی اور انصاف کو فروغ دینے میں مذاہب کا کردار کے موضوع پر ایک بین الاقوامی سیمینار کا انعقاد کر رہا ہے۔ یہ تقریب سات بڑے مذاہب یعنی اسلام، ہندوازم، عیسائیت، بدھ مت، سکھ ازم، یہودیت اور بہائیت کی نمائندگی کرنے والے ممتاز مقامی اور بین الاقوامی مقررین کو اکٹھا کرے گی، جن میں علماء، مذہبی رہنما، پالیسی ساز اور سول سوسائٹی کے نمائندے بھی شامل ہوں گے۔ یہ سیمینار ایک ایسے وقت میں منعقد کیا جا رہا ہے جب عالمی منظرنامہ، جس میں طرز زندگی، سوچنے کے طریقوں اور فیصلہ سازی کے معیارات میں تیز رفتار تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں، جس کی وجہ سے مذاہب پر شکوک و شبہات پیدا ہو رہے ہیں۔ صنعتی دور کے آغاز سے لے کر اب پانچویں صنعتی انقلاب کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے مذہب کی اہمیت جدیدیت، بعدازجدیدیت اور سائنس و ٹیکنالوجی کے غلبے کی وجہ سے دھندلا گئی۔ اس ماحول میں مذہب کو اکثر غیر ضروری یا تقسیم کرنے والا عنصر سمجھا جاتا ہے تاہم جہاں سماجی ترقی پیش رفت کا عندیہ دیتی ہے، وہ انصاف، امن اور ہم آہنگی کے ساتھ انسانیت کے لیے جدوجہد کی ضرورت کو بھی بڑھا دیتی ہے، نسلی، لسانی اور قومی تفریق پر مبنی بڑھتے ہوئے تصادم، اور وسائل کے لیے شدت اختیار کرتی ہوئی لڑائیوں نے سماجی تانے بانے کو خطرے میں ڈال دیا ہے، یہ چیلنجز اس بات کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہیں کہ ایک متحد کرنے والی قوت کے طور پر مذہب کی اہمیت کو تسلیم کیا جائے اور اسکی طاقت میں اضافہ کیا جائے۔ اس سیمینار کا مقصد موجودہ بیانیوں کا مقابلہ کرنا ہے اور تمام اہم مذاہب میں موجود ہمدردی، انصاف، اتحاد اور امن کے مشترکہ اصولوں کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کرے گا جہاں تعلیمی ماہرین، مذہبی رہنما اور پالیسی ساز اس بات پر غور کریں گے کہ یہ اقدار، جو باہمی سمجھ بوجھ اور احترام کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہیں، کس طرح نسل، رنگ، ذات اور قومیت کے اختلافات سے آگے بڑھ کر ایک مربوط عالمی معاشرہ تشکیل دے سکتی ہیں۔ سیمینار میں ممتاز بین الاقوامی اور مقامی مقررین کی ایک متنوع لائن اپ پیش کی جائے گی، جن میں ماہرین تعلیم، محققین، اور مذہبی رہنما شامل ہیں۔ کلیدی تقاریر، پینل ڈسکشنز اور انٹرایکٹو سیشنز کے ذریعے، یہ پروگرام امن، انصاف اور ہم آہنگی پر مذاہب کی مشترکہ اخلاقی تعلیمات، باہمی احترام اور مفاہمت کو فروغ دینے میں بین المذاہب مکالمے کا کردار، اور عالمی سطح پر بہترین طرز عمل جیسے اہم موضوعات پر توجہ مرکوز کرے گا۔ نیز اس میں عالمی مثالوں کے ذریعے ایسے بہترین طریقوں کا تبادلہ بھی کیا جائے گا جو سماجی ہم آہنگی میں معاونت فراہم کرتے ہیں

بقیہ 7

اسٹورز بندش کی زد میں آئے ہیں۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے اس سال اگست میں یوٹیلٹی اسٹورز کے لیے سبسڈی بند کردی تھی، وفاقی حکومت چینی، آٹا اور گھی سمیت 5 بنیادی اشیا پر سبسڈی دے رہی تھی۔ یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ایک سرکاری ادارہ ہے جس کی بنیاد 1971 میں رکھی گئی تھی اور اس کے تحت ملک بھر میں 4 ہزار اسٹورز چلائے جاتے ہیں جس کا مقصد عوام کو رعایتی نرخوں پر ضروری اشیا فراہم کرنا ہے۔ واضح رہے کہ 16 اگست کو وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں کمیٹی کی سفارشات پر انتظامی اخراجات کو کم کرنے اور ریاستی مشینری کو ہموار کرنے کی غرض سے وفاقی حکومت نے 5 وزارتوں کے 28 محکموں کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جس میں یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ختم کرنے کا فیصلہ بھی شامل تھا۔ رواں سال اگست میں وزیراعظم شہباز شریف نے یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ختم کرنے کے حوالے سے تجاویز طلب کی تھیں اور حکومت نے یوٹیلٹی اسٹورز کے لیے 50 ارب کی سبسڈی بھی بند کرنے کا اعلان کیا تھا۔ کمیٹی کی جانب سے وزیراعظم کو بریفنگ دی گئی تھی، جہاں 5 وزارتوں میں اصلاحات سے متعلق بتایا گیا، جن میں کشمیر افیئرز اور گلگت بلتستان، اطلاعات اینڈ فرنٹیئر ریجنز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن، انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن اینڈ ہیلتھ سروسز شامل ہیں۔

بقیہ 8

جس میں مقبوضہ کشمیر میں بڑے پیمانے پر انسانی حقوق کی پامالی سمیت گمنام قبروں کی دریافت کا تفصیلی ذکر کیا گیا تھا۔ جبکہ یورپی پارلیمنٹ وقتاً فوقتاً مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالی پر آواز اٹھاتا رہتا ہے۔ لہذا یورپین ممالک بالخصوص یورپی یونین میں آباد کشمیریوں کو بھرپور انداز میں کشمیری عوام کا مقدمہ انٹرنیشنل کمیونٹی کے سامنے پیش کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج یہاں ایوان صدر کشمیر ہاؤس میں یورپی یونین کے لیے اعزازی صدارتی مشیر چوہدری نصیر احمد سے ایک تفصیلی ملاقات میں کیا۔ صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے یورپی یونین کے لیے اعزازی صدارتی مشیر چوہدری نصیر احمد کو ہدایت کی کہ وہ یورپی یونین اور یورپی پارلیمنٹ میں مسئلہ کشمیر اور مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم کو اجاگر کرنے کے لیے پورے شدومد سے اپنا رول ادا کریں کیونکہ پاک بھارت دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں اور کوئی بھی چھوٹا یا بڑا حادثہ ایک بڑی ایٹمی جنگ کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔ لہذا عالمی برادری بالخصوص یورپی یونین جنوبی ایشیا میں قیام امن کے لیے مسئلہ کشمیر حل کرانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ اس موقع پر یورپی یونین کے لیے اعزازی صدارتی مشیر چوہدری نصیر احمد نے صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری کو برسلز کے دورے کی دعوت دی جو کہ صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے قبول کرلی تاریخ کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔

بقیہ 9

نے گزشتہ روز مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ قوم کو پاک فوج کی قربانیوں کا پوری طرح ادراک ہے اور پوری قوم انہیں خراج تحسین پیش کررہی ہے پوری قوم کو ان شہداء کی قربانیوں پر فخر ہے اور پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند ان کی پشت پر کھڑی ہے۔ شہداء کی عظیم قربانی ہمارے بہادر بیٹوں کے غیر متزلزل عزم کا اظہار ہے جنہوں نے ہماری مادر وطن کے دفاع کے لیے قربانی پیش کرنے میں بھی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی، ہمارے بہادر بھائی، بیٹے اور دوست سرحدوں کی حفاظت کر رہے ہیں۔ پاکستان اور کشمیری عوام اور فوج ایک ساتھ ہیں ہم مل کر دہشتگردوں کا مقابلہ کریں گے۔ ملک میں دہشت گرد کارروائیاں کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا گیا ہے۔

بقیہ 10

شرح 277 ریکارڈ کی گئی۔ ڈی ایچ اے فیز فائیو کا اے کیو آئی 459 پر جا پہنچا، پولیس فاؤنڈیشن کے علاقے میں ایئر کوالٹی انڈیکس 433 رہا، گلبرگ کے علاقے میں اے کیو آئی کی شرح 416 رہی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں بارش کا آج کوئی امکان نہیں، شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 13 جبکہ زیادہ سے زیادہ 24 ڈگری سینٹی گریڈ تک جاسکتا ہے۔ موسم کا احوال بتانے والوں کے اعداد و شمار کے مطابق شہر میں ہوا کی رفتار چھ کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 81 فیصد تک جا پہنچا

بقیہ 11

کی گئی، آئندہ اجلاس میں اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی شرح سود پر غور کرے گی، اس وقت شرح سود 15 فیصد کی سطح پر ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق نومبر 2024 میں سی پی آئی افراط زر کی شرح سال بہ سال کی بنیاد پر کم ہو کر 4.9 فیصد رہ گئی جو اس سے پچھلے مہینے 7.2 فیصد اور نومبر 2023 میں 29.2 فیصد تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال پاکستان میں مہنگائی بلند ترین سطح 38 فیصد پر جا پہنچی تھی، جس کی وجہ سے شرح سود بھی 22 فیصد کی تاریخی سطح پر ریکارڈ کی گئی، اس دوران بزنس کمیونٹی کاروبار کے لیے قرضے لینے میں بھی ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کررہی تھی، تاہم رواں سال افراط زر میں نمایاں کمی آنے پر اسٹیٹ بینک نے مسلسل تین بار شرح سود میں کمی کی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ماہانہ بنیاد پر یہ نوٹ کیا گیا کہ نومبر میں افراط زر میں 0.5 فیصد اضافہ ہوا جبکہ اس سے پچھلے مہینے میں 1.2 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک نے ستمبر 2025 تک افراط زر کو 5 سے 7 فیصد کے درمیانی مدت کے ہدف تک لانے اور میکرو اکنامک استحکام کو یقینی بنانے کے لیے جارحانہ مانیٹری نرمی پر پابندی لگا رکھی تھی۔ کراچی میں بروکریج فرم ٹاپ لائن سیکیورٹیز نے اسے 78 ماہ میں سب سے کم ریڈنگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مالی سال 2025 کے 5 ماہ کے دوران افراط زر کی اوسط شرح 7.8 فیصد رہی جو مالی سال 2024 کے 5 ماہ 28.6 فیصد تھی

بقیہ 12

خان مندوخیل نے کیس سننے سے معذرت کرلی۔ دونوں ججز نے اپنے علاوہ دیگر ججز پر مشتمل آئینی بینچ کے سامنے رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ درخواست مقرر کرنے کا حکم دے دیا۔ جبکہ آئینی بینچ نے بجلی فراہم کرنے والی کمپنیوں سے حکومتی معاہدوں کے خلاف درخواست پر اٹارنی جنرل کو نوٹسز جاری کردیئے۔ بینچ نے پاور سیکٹر کے حوالہ سے 5 اگست کو بننے والی ٹاسک فورس کی کارروائی کے حوالہ سے پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔ جبکہ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے ای او بی آئی کی پنشن میں اضافہ نہ ہونے کے خلاف کیس میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ جبکہ سپریم کورٹ نے قیدیوں کو جیل میں یکساں سہولیات دینے کی درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کردی

بقیہ 13

اسلامی ضلع کوٹلی لوئر کے زیر اہتمام تربیت گاہ میں شریک شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری جنرل حبیب الرحمان آفاقی، امیر ضلع لوئر کوٹلی لوئر ممتاز ایڈووکیٹ، امیر ضلع اپر کوٹلی راجہ مشتاق الوارز سمیت دیگر قائدین نے خطاب کیا، تربیت گاہ میں شریک درجنوں افراد نے جماعت اسلامی میں شامل ہونے کا اعلان کیا امیر جماعت اسلامی نے ان سے حلف لیا، تربیت گاہ میں شریک شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا کہ ہمارے تمام مسائل کی جڑ باطل نظام اور اس کی محافظ قیادت ہے، شیخ عبداللہ نے مقبوضہ کشمیر کے عوام کو دھوکہ دیا اور آزادکشمیر کی موروثی قیادت نے آزادکشمیر کے عوام کو دھوکہ دیا ہے، انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اقتدار میں آکر ٹیکس آمدنی میں اضافہ کرے گی، تعلیم اور صحت مفت فراہم کرے گی نوجوانوں کے روزگار کے مواقع پیدا کریں گے آزاد خطے کے اندر وسائل موجود ہیں صرف ان کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی لاکھوں افراد کو اپنے ساتھ شامل کر کے حقیقی تبدیلی لائے گی اور تحریک کشمیر کی آزادی کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔

بقیہ 14

جواز فراہم کرنے یا منظور کرنے کو مسلم کانفرنس حکومت سے علیحدگی اختیار کرلے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم کانفرنس کے مرکزی رہنما سردار تیمور عباسی مرحوم کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تعزیتی ریفرنس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین اور کارکنان مسلم کانفرنس نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تعزیتی ریفرنس تقریب میں سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان، سینئر رہنما عبدالرشید چغتائی ایڈووکیٹ، مجھر رضوان اللہ خان، مولانا عثمان عباسی، سردار عبدالرزاق ایڈووکیٹ، سردار ماجد افسر صدر مشن کشمیر ٹاسک فورس، ڈاکٹر عابد سلیم اعوان، سردار کمال خان، راجہ شکیل خان، سردار طارق عباسی، سردار عرفان عباسی، سردار افضل خان، سردار مجیل عباسی، سردار شوکت افضل، راجہ تارک علی خان، سردار شفیق عباسی، راجہ لطیف لقمان، سید امجد گردیزی ایڈووکیٹ، راجہ حمیر خان، راجہ خورشید خان، راجہ شہباز عبدالقدوس عباسی و دیگر نے خطاب کیا اور سردار تیمور عباسی کی سیاسی سماجی خدمات پر زبردست انداز میں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے مزید کہا کہ صدارتی آرڈیننس کالا قانون ہے مسلم کانفرنس ایسے کسی قانون کی حمایت نہیں کرسکتی جو لوگوں کے بنیادی حقوق کے خلاف ہو۔ حکومت آزاد کشمیر کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور تمام سٹیک ہولڈر سے مشورہ کرنا چاہیے اس طرح کے اقدامات سے افراتفری میں اضافہ ہو رہا ہے آزاد کشمیر کے حالات اچھے نہیں ہیں۔ محکمہ پولیس کے اندر غیر ریاستی افراد کی بھرتیوں سے ریاست کے اندر نیا فتنہ جنم لے گا۔ اگر آزاد کشمیر کے اندر جائز نوجوانوں سے خدمات حاصل کی جاسکتی ہیں ضرورت نہیں کہ غیر ریاستی افراد کو بھرتی کیا جائے۔ آزاد کشمیر کے حالات ذرا سنبھلتے ہیں کہ حکومت آزاد کشمیر نئے تجربے کرنا شروع کر دیتی ہے۔

بقیہ 15

چیئرمین ضلع کونسل میرپور راجہ نوید اختر گوگا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر انڈسٹری کی ترقی کی خواہاں ہے تاکہ یہاں پر صنعتیں لگیں اور لوگوں کو روزگار میسر ہو سکے ضلع کونسل اس سلسلہ میں صنعتی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ صنعت کاروں کو ضلع کونسل کے متعلقہ جو بھی تعاون درکار ہوگا اس کے لیے ہم حاضر ہیں۔ میرپور میں صنعتی ترقی ہوگی تو اس سے آزاد کشمیر کی معاشی و اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا اور بے روزگاری کا خاتمہ ہونے میں مدد ملے گی۔ صدر چیمبر اینڈ کامرس انڈسٹری عمر شہزاد جرال نے چیئرمین ضلع کونسل کی آمد اور بھرپور تعاون کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ باہم مل کر انڈسٹری اسٹیٹ کی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ یہ ضلع کونسل کا تعاون ہمارے لیے باعث خوش آئند ہوگا۔ چیئرمین ضلع کونسل راجہ نوید اختر گوگا خود اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک ہیں ان کی صنعتی ترقی میں گہری دلچسپی سے انڈسٹریز کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 16

تعاون درکار ہے۔ صحت مند معاشرے کا قیام تمام اکائیوں کے تعاون سے ممکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی وارمنگ مہم کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع میرپور میں بچوں کے پیٹ میں امراض، کیڑوں کے خاتمے کے سلسلہ میں ڈی وارمنگ کے چوتھے راؤنڈ کا افتتاح کر دیا گیا، 3/2 دسمبر 2024 سے ضلع کی تینوں تحصیلوں میں 5 سے 14 سال تک کے عمر کے بچوں کو ادویات دی جائیں گی، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر فاروق احمد نور، ڈی ایچ او ڈاکٹر فدا حسین راجہ، ایڈیشنل ڈی ایچ او ڈاکٹر مائدہ کوثر، پی ایم اے کے صدر ڈاکٹر راجہ اعجاز احمد خان، فوکل پرسن ڈاکٹر فاطمہ یعقوب، چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر صاحبہ اجد تارڑ، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر شائستہ، سینئر وائس پریذیڈنٹ پرائیویٹ سکولز تنظیم افتخار احمد و دیگر افسران و اہلکاران کے ہمراہ بچوں کو ادویات دے کر مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل صحت عامہ آزاد کشمیر ڈاکٹر فاروق احمد نور نے کہا کہ ڈی وارمنگ کا مسئلہ ایک بڑا مسئلہ ہے، اس پر قابو پانے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت اکیلا کچھ نہیں کر سکتا۔ معاشرہ اور کمیونٹی اس مہم کو کامیاب کرنے کے لیے ساتھ دے۔ انہوں نے تمام محکمہ جات کے افسران و ملازمین کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی سے بھی اپیل کی کہ وہ اس مسئلہ پر قابو پانے کے لیے محکمہ صحت کا ساتھ دیں۔ اس مہم کا افتتاح مقامی ہوٹل میں باقاعدہ فیتہ کاٹ کر دیا گیا۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر فدا حسین راجہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈی وارمنگ کی ادویات مصدقہ ہیں، ان کا استعمال محفوظ ہے، خالی پیٹ بچوں کو ادویات نہ دی جائیں یہ ادویات 5 سے 15 سال کے چار اضلاع کے بچوں کو کھلائی جارہی ہیں چونکہ ان اضلاع میں اس بیماری کی شرح 30 فیصد تک تھی۔ اس بیماری سے بچاؤ کے لیے بچے ہاتھ دھو کر کھانا کھائیں، صاف ماحول، صاف پانی، صاف غذا سے اس موذی بیماری سے بچت ہوسکتی ہے

بقیہ 17

اسحاق خان نے کیس کی سماعت کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل، نمائندہ وزارت خارجہ، ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کے وکیل عمران شفیق اور عدالتی معاون زینب جنجوعہ عدالت میں پیش ہوئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے اسلام آباد ہائی کورٹ کو آگاہ کیا کہ وزیراعظم نے عافیہ صدیقی کیس میں امریکہ جانے والے وفد کو مالی معاونت فراہم کرنے کی سمری پر دستخط کر دیے ہیں۔ وزارت خارجہ کے نمائندہ نے بتایا کہ وفد کے ویزوں سے متعلق درخواست وزارت خارجہ نے بھیج دی ہے امید ہے ایک ہفتے تک منظوری ہوجائے گی۔ ہم ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ ذاتی وجوہات کی بنا پر سینیٹر عرفان صدیقی وفد کے ساتھ نہیں جا سکتے، حکومت کی جانب سے سینیٹر بشریٰ وفد کے ساتھ امریکہ جائیں گی۔ عدالت نے کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 18

عطاءاللہ تارڑ نے انگریزی اخبار دی نیوز کے ایڈیٹر سلمان مسعود کے والد مسعود احمد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے والد کے انتقال پر سلمان مسعود کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی۔ صدر مملکت نے مرحوم مسعود احمد کے ورثا کیلئے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مرحوم کی بلندی درجات کی دعا اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 19

تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے عوام اور محکمہ جنگلات زیادہ سے زیادہ شجرکاری کو یقینی بنائیں، شجرکاری کے ساتھ ساتھ شجرپروری کے حوالے سے عوام میں شعور بیدار کریں گے۔ صحافیوں کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محکمہ جنگلات پورے آزاد کشمیر کے مرکزی اور نیلم ویلی روڈ کے دونوں اطراف خوبصورت اور ہر قسم کے درخت لگائے جائیں گے تاکہ روڈ کی خوبصورتی اور سیفٹی میں اضافہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو پانی کی سہولت فوری طور پر فراہم کی جا رہی ہے

بقیہ 20

چوہدری نے کہا کہ جتنی پی ٹی آئی کے وارنٹ نکلے ہوئے ہیں، علی امین کے بھی وارنٹ نکلے تھے حکومت کی آنکھیں کھلی ہیں وہ دیکھ رہی ہے کہ کون سا اشتہاری کہاں چھپا ہوا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم پر جو اتحادی نہیں بھی تھے ان کو بیٹھا کر بٹھایا تھا، پی ٹی آئی مذاکرات کو ہماری کمزوری نہ سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ مسائل پر بات ہوسکتی ہے لیکن این آر او پر نہیں، ہم بلاول بھٹو زرداری کی بات پر غور سے سنتے ہیں ان کی نشاندہی اہم ہوتی ہے۔

بقیہ 21

مطابق 109 بچوں سمیت 600 سے زائد برازیلی شہریوں کو 3 چارٹرڈ طیاروں سے واپس بھیج دیا گیا، پہلی پرواز 9 اگست کو 205 افراد، دوسری 23 اگست کو 206 جبکہ 27 ستمبر 218 افراد لے گئی تھی۔ برطانوی میڈیا نے کہا کہ تمام افراد کی واپسی رضاکارانہ قرار دیا گیا، ہوم آفس واپس جانے والوں کیلئے 3 ہزار پاؤنڈ امداد کا اعلان کر چکا ہے۔

بقیہ 22

ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں متحدہ عرب امارات کی ترقی اور خوشحالی کے شاندار سفر پر فخر ہے جو شیخ زاید بن سلطان النہیان مرحوم کی دانشمندی اور عزم و فراست کی وجہ سے ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جدت کے اس وژن کو میرے بھائی شیخ محمد بن زاید النہیان اور شیخ محمد بن راشد آل مکتوم نے آگے بڑھایا ہے، پاکستان ہمیشہ سے یو اے ای کا ثابت قدم بھائی اور شراکت دار رہا ہے۔

بقیہ 23

پیش کرنے کی اور علاقوں میں ایوان میں عوام کے حق ترجمان میں قانون سازی کرتی ہیں مشکلات دور کرنے کیلئے کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ آٹے اور بجلی پر دی جانے والی سبسڈی ختم

کرنے کی افواہیں بے بنیاد ہیں، حکومت جہاں عوام کو ہر شعبہ زندگی میں ریلیف دے رہی وہاں عوام کے حقوق کا تحفظ بھی یقینی بنا رہی ہے، مضبوط اور منظم پاکستان ہی تحریک آزادی کشمیر کا ضامن ہوسکتا ہے، مسلح افواج پاکستان کی قربانیوں اور خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ممبر ضلع کونسل یونین کونسل ٹھوٹھہ خالد مغل کی قیادت میں ملاقات کرنے والے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں سیاسی وسماجی کارکنان، تاجر اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ چوہدری محمد رشید نے کہا ہے کہ ہم تحریک آزادی کشمیر کے بیس کیمپ کے مکین ہیں جہاں پر کسی قسم کی افراتفری اور بدامنی کے متحمل نہیں ہوسکتے، پاکستان آرمی جہاں سرحدوں کی محافظ ہے وہاں دہشتگردی کے خلاف بھی جنگ لڑ رہی ہے، انہوں نے کہا کہ ہمیں افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، تجربہ، جرات اور عزم و حوصلہ پر مکمل یقین ہے۔ ہم یقین دلاتے ہیں ہم دفاع وطن کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ ہیں پاک فوج ہمارے امن اور آزادی کی محافظ فوج ہے جبکہ دوسری جانب مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قابض فوج ہے آزاد کشمیر کے جوان مسلح افواج میں بڑی تعداد میں اور دفاع وطن کے لیے فاٹا سمیت ملک بھر میں اپنا خون پیش کر رہے ہیں، مقبوضہ کشمیر میں ہندوستان اپنی 7 لاکھ فوج کے ذریعے وحشیانہ طاقت کا استعمال کر رہا ہے۔

بقیہ 24

انتظامیہ نے پوری کردی، ان علاقوں میں خردہ فروشوں نے گیس کا حل، کوئلہ، جلائی جانے والی لکڑی دگنا قیمت پر فروخت کرنا شروع کردی۔ بلاجواز غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کو موسمی بیماریوں کا شکار کرنا شروع کردیا۔ موسمی بیماریوں سے بچے ہی نہیں، بڑے بھی شدید متاثر ہونے لگے۔ پہاڑوں پر برف باری کے بعد موسم نے اب سرمائی رنگ اختیار کرلیا ہے۔ موسم کی تبدیلی کے ساتھ کئی ایک بیماریاں پھوٹ پڑی ہیں، جن میں نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، سانس کی تکلیف سمیت دیگر بیماریاں شامل ہیں۔ ان بیماریوں سے چھوٹے بڑے سب ہی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ سردی ہو یا گرمی، اس کا سب سے پہلا اور شدید اثر بچوں اور بڑی عمر کے افراد پر پڑتا ہے، قوت مدافعت کم ہونے کی وجہ سے وہ زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ بڑی عمر کے لوگ عموماً ہڈیوں اور جوڑوں کے درد میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ سردی سے بچاؤ کے لئے مناسب احتیاط نہ کرنا نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق مناسب خوراک نہ لینے کی وجہ سے بھی 60 فیصد بچے موسمی بیماریوں سمیت مختلف مسائل میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق بچوں اور عمر رسیدہ افراد کو متوازن غذا اور پھلوں کے استعمال سے موسمی بیماریوں سے بچایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 25

پھگرات عبدالغفور عباسی کو حلقہ پھگرات کے اندر مسلم لیگ ن کو مزید مضبوط و منظم کرنے کا ٹاسک دیا، شاہ غلام قادر کا کہنا تھا کہ ان شاء اللہ آمدہ الیکشن کے اندر مسلم لیگ ن پورے آزاد جموں وکشمیر سے دو تہائی اکثریت سے کامیابی حاصل کر کے حکومت بنائے گی اور ایک بار پھر عوامی خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن نے ہمیشہ اقتدار میں آکر عوامی محرومیوں کا ازالہ کیا مسلم لیگ ن عوام کی پسندیدہ جماعت ہے مسلم لیگ ن عوام کی فلاح و بہبود چاہتی ہے حکومت میں شامل مسلم لیگ ن کے وزراء عوام کے مسائل حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز جوق در جوق مختلف سیاسی جماعتوں کے بڑے بڑے سیاسی اور نامور شخصیات کی مسلم لیگ ن میں شمولیت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ وہ وقت قریب آرہا ہے جب ایک بار پھر مسلم لیگ ن کی حکومت ہوگی اور ہم عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے ہمارا کام بلند و بانگ دعوے کرنا نہیں بلکہ حقیقی معنوں میں عوامی خدمت کرنا ہے۔

بقیہ 26

مملکت میں موجود قدیم و تاریخی مساجد کی بحالی اور انہیں اسی طرز پر از سرنو تعمیر کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا گیا تھا، اس ضمن میں الافلاج کمشنری میں مسجد الحزمی کو بحالی کے بعد دوبارہ کھول دیا گیا۔ مسجد الحزمی، ریاض ریجن کی الافلاج کمشنری میں لیلی شہر سے شمال مشرق میں واقع ایک تاریخی مسجد ہے۔ اس مسجد کی بنیاد 150 سال قبل رکھی گئی تھی اور اسے 21 جولائی 2022 کو شہزادہ محمد بن سلمان کے تاریخی مساجد کی بحالی کے منصوبے کے دوسرے مرحلے میں ایک حصے کے طور پر منظور کیا گیا تھا۔ یہ مسجد مٹی سے بنائی گئی تھی اور آج تک اس میں نماز ادا کی جاتی ہے، مسجد کے نیچے ایک تہہ خانہ ہے جہاں موسم سرما میں نماز ادا کی جاتی ہے

بقیہ 27

کی حد ہوتی ہے، مشکل سے بچوں کو کتابیں کاپیاں خرید کر دیتے ہیں کہ شاید پڑھ کر حالات اپنے ساتھ ساتھ ریاست کے حالات سدھاریں گے۔ انتہائی مشکل سے سکول کی فیس دیتے ہیں کہ سرکاری سکولوں کی خودساختہ فیس بھی دیتے ہیں۔ اوپر سے تعلیمی بورڈ کی امتحانی فیس ایک عجیب ہو یا 11 جماعت کی ایک عجیب بھاری بھر کم فیس ادا کرنے کے بعد اب تعلیمی بورڈ کی جانب سے امتحانی فیس، رجسٹریشن فیس کے بعد پراسیسنگ فیس بھی 500 جابرانہ وصولی شروع کر دی گئی ہے۔ سول سوسائٹی اور والدین کا کہنا ہے کہ ظالمو غریب عوام جو پہلے ہی رزق کو پورا نہیں کر پا رہی اور اتنا بوجھ کیسے برداشت کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری ماسٹر ایجوکیشن اور پرائیویٹ سکول ایجوکیشن کیا صرف کاروبار اور تنخواہوں کی حفاظت کے لیے بنائی گئی ہیں؟ کیا یہ لوگ اس ظلم پر آواز نہیں بلند کر سکتے ؟؟؟؟ افسوس کا مقام ہے کہ غریب ہی پس رہا ہے۔ ماسٹر اور پرائیویٹ اداروں کے مالک تو یہ سب کچھ والدین سے پورا کرتے ہیں۔ خود صرف اپنی تنخواہوں اور فیس بڑھانے پر توجہ مرکوز

بقیہ 28

عبدالجبار، مدثر خان، جاوید خان، لقیم خان، زبیر کیانی، اسلم خان، محمد جاوید محمود، ذوالفقار خواجہ، نعیم اور نگزیب، نور احمد، محمد آزاد فرحان، فاروق قیاش خان، محمد ایاز، انعام الحق، ذیشان نسیم، محمد سہراب، اسحاق و دیگر شامل تھے۔ اس بات کا اعلان الیکشن کمشنر ظفر حسین، ممتاز امین سردار امتیاز خان سیکرٹری الیکشن کمشنر محمد عارف خان نے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں کیا۔

بقیہ 29

ناکس کار روڈ کے منصوبہ جات تباہ کردیا ہے اس سلسلہ میں مسلم لیگ ن حلقہ بلوچ کے صدر سردار نزاکت حسین جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن حلقہ بلوچ حافظ صدیق عباسی نے کہا کہ بلوچ سے سرساوہ سڑک کے منصوبہ کے بلوچ کے نزدیک تین کلومیٹر کام کیا گیا لیکن محکمہ کی نااہلی اور لاپرواہی سے منصوبہ تباہ ہوگیا ہے جس کی فوری تحقیقات کرانے کی ضرورت ہے۔ قومی خزانے کو یوں برباد ہوتا برداشت نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 30

سکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کو مبارکباد۔ فیضان عارف مغل کی 8 خوارج کو جہنم واصل کرنے اور 11 کو زخمی کر کے حراست میں لینے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف۔ فیضان عارف مغل کی آپریشن کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن محمد زوہیب الدین اور سپاہی افتخار حسین کو خراج عقیدت۔ انہوں نے پاک فوج کے شہداء کی بلندی درجات اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے افسران و اہلکار اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر ملک کی دشمنوں سے حفاظت میں مصروف عمل ہیں۔ پوری قوم کو پاک فوج کے بہادر افسران و جوانوں پر فخر ہے

بقیہ 31

سے لاکھوں شوقین سیاحت، سردیوں میں وادی نیلم کا رخ کریں گے۔ برف کے گالے چکھیں گے، زخ بستہ وادی ونٹر سیاحت کے لیے ایک بہترین نمونہ ہے۔ محکمہ سیاحت آزاد کشمیر سمیت جملہ فلاحی تنظیمیں سیاحت کے فروغ کیلئے سرگن، شونٹر، گریس وادی میں سنو فیسٹیول کا انعقاد کرائیں۔ ونٹر سیاحت کے فروغ میں فیسٹیول کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں۔ بارونق لوگوں کو سنو فیسٹیول کے ذریعے گھروں سے باہر نکال کر سردی کے نام لہا طوفان سے لڑایا جائے اور سیاحت سے وابستہ افراد کو با عزت اور باروزگار کیا جاسکتا ہے۔ سیاحت گرمیوں میں بالائی علاقوں میں آنے کا نام نہیں بلکہ ونٹر سیاحت کے طور پر اللہ کی قدرت کے نظاروں کا نام سیاحت ہے۔ پاکستان سمیت آزاد کشمیر کے دیگر اضلاع کے شہریوں کو وادی نیلم کے برف پوش علاقوں میں انجوائے کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔

بقیہ 32

مسلم لیگ یوتھ ونگ کی جانب سے انعقاد کرنے پر ان کا مشکور ہوں میموریل سوسائٹی چوہدری محمد عزیز کو یاد رکھا انہوں نے کہ میرے والد مرحوم سے مظفرآباد کے شہریوں سے ایک تعلق خاص جس کا اندازہ مظفرآباد کے تعزیتی ریفرنس میں ہوا انشاءاللہ اپنے والد مرحوم کے مشن اور ان کے تعلق کو احسن طریقہ سے سرانجام دوں گا مرحوم نے سیاست ہمیشہ دیدہ دلیری سے کی، بہت سارے لوگ اپنے لیے زندہ نہیں رہتے بلکہ دوسرے کے لیے زندہ رہتے ہیں آج تک صرف حویلی کی فضا سوگوار نہیں بلکہ پورے آزاد کشمیر کی فضا سوگوار ہے، مرحوم ایک عظیم شخص عظیم لیڈر تھے، حشمت علی چوہدری اور مسلم لیگ یوتھ ونگ کا شکریہ ادا کرتا ہوں

بقیہ 33

عوام اسرائیل کی جانب سے قتلوں، منظم نسل کشی اور شدید مہم کو بہادری سے برداشت کر رہے ہیں۔ فلسطین میں اسرائیلی جارحیت انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی سریحاً خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ اسرائیل کی طرف سے بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین کی خلاف ورزیوں کی وجہ سے غزہ میں عالمی برادری کی جانب سے انسانی امداد کی کوششیں بھی بری طرح متاثر ہوئی ہیں جس سے محصور آبادی کے مصائب میں شدت آئی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ فلسطین میں اسرائیل کے مظالم کو فوری پر روکنے کے لیے فیصلہ کن کارروائی کرے۔ شہریوں، اسپتالوں، اسکولوں اور انفرا اسٹرکچر پر حملوں کو روکا جائے۔ فلسطینیوں کے لیے بھیجے جانے والے امدادی قافلوں پر حملے ناقابل برداشت ہیں۔ میاں خالد پرویز انجم نے غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ کیا اور فلسطینی عوام کے لیے بلا روک ٹوک انسانی امداد کو یقینی بنانے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 34

فیلڈ فورس کی تربیت کے حوالے سے پاکستان ادارہ شماریات، شراکت داروں اور حکومتی تعاون پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ یہ مشق پاکستان کے معاشی منظر نامے کی بہتری اور شواہد پر مبنی پالیسی سازی کے لئے قابل اعتماد اعداد و شمار کی فراہمی میں انتہائی مددگار ثابت ہو گی۔ تربیت کا بنیادی مقصد قابل اعتماد اعداد و شمار کے حصول کو یقینی بنانے کیلئے ڈیٹا کے تصورات کو معیاری بنانا ہے۔ تربیت میں روایتی طریقوں، تصوراتی ویڈیوز، حقیقی زندگی کی مثالوں، کیس اسٹڈیز، فرضی مشقوں اور عام سوالات کو شامل کیا گیا ہے۔ فیلڈ سٹاف کی تربیت پر معمور سپر ٹرینرز رانا راشد قاسم نے شرکاء کو انٹرایکٹو سیشنز، حاضری، سوالات، تربیت سے پہلے اور بعد کے ٹیسٹ اور شرکاء کے ادراک کے معیار کی جانچ کے ذریعے مشغول رکھا۔ تقریب میں ڈویژن کوآرڈینیٹر مقرب خان، آئی ٹی ٹرینر راجہ ادریس، یعقوب، قدیر اور ارشد کے علاوہ دیگر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 35

کشمیریوں کی جدوجہد دبانے کی بھارتی کوششوں کے تحت جبری گمشدگیوں، تشدد اور نظربندیوں کا حوالہ دیتے ہوئے بڑے پیمانے پر ڈھائے جانے والے مظالم پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فورسز نے کشمیری خواتین کے خلاف جنسی تشدد کو ادارہ جاتی شکل دے دی ہے جو جدید دور کی غلامی کا گھناؤنا چہرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے تناسب میں تبدیلیاں، جائیدادوں پر قبضے اور اختلاف رائے کو خاموش کرنے جیسے بھارتی اقدامات کا مقصد کشمیریوں کی شناخت اور ثقافت کو مٹانا ہے۔ تاہم کشمیری عوام بھارتی غلامی سے مکمل آزادی تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انسانی حقوق کے علمبرداروں نے عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ پر زور دیا کہ وہ عالمی ادارے کی قراردادوں پر عملدرآمد کے لئے اقدامات کرے جن میں کشمیری عوام کی امنگوں کی عکاسی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کو دبانے کی بھارت کی حکمت عملی ناکام ہوگی۔ انہوں نے کشمیریوں کو غلام بنانے کی کسی بھی کوشش کے خلاف مزاحمت کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 36

کی پیداوار انتہائی کم درجے پر پہنچ گئی، درجنوں علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بارہ گھنٹے سے تجاوز کر گیا، پاور ہاؤس جہم فیڈرز کی تعمیر آخری مراحل میں ہونے کے باوجود سست روی کا شکار، عوام شدید مشکلات سے دوچار، وزیر اعظم، وزیر برقیات اور چیف سیکرٹری آزاد کشمیر سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق پاور ہاؤس کنڈائی، چناری اور شاریاں بجلی پیداوار انتہائی کم درجے پر پہنچ چکی ہے، کنڈائی پاور ہاؤس پانی کی کمی کے ساتھ ساتھ مشینری خراب ہونے کے باعث کم بجلی پیدا کر رہا ہے چند گھنٹے دی جانے والی بجلی کی وولٹیج بھی انتہائی کم ہوتی ہے جس سے موبائل چارجنگ میں بھی کافی ٹائم لگتا ہے، پاور ہاؤس شاریاں نئی مشینری ہونے کے باوجود کم بجلی پیدا کر رہا ہے وولٹیج کم کر کے صارفین کو چند گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے، دونوں پاور ہاؤس سے بجلی کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں دوسری جانب محکمہ پی ڈی او کی ناقص پالیسیوں کے باعث جہم پاور ہاؤس فیڈرز کی تعمیر آخری مراحل میں ہونے کے باوجود سست روی کا شکار ہے، چند دنوں کے تعمیراتی کام کو اگر ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے

بقیہ 37

ہیں نوجوانوں کو عزم کرنے کے ساتھ ساتھ مسلم لیگ ن میں شامل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا راجہ مسعود اشرف نے کہا کہ میں مسلم لیگ ن کے مشکور ہوں صدر راجہ مشتاق منہاس کا دلی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بڑی ذمہ داری سونپی ہے میں کوشش کروں گا کہ ان کے اعتماد پر پورا اتروں نہ صرف باغ بلکہ پورے آزاد کشمیر میں دورہ کرتے ہوئے مسلم لیگ ن کے اندر نوجوانوں کو شامل کروں گا اور مسلم لیگ ن کی کامیابی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کروں گا۔

بقیہ 38

نشان بن چکی ہے۔ مظفرآباد ریجن کے پولیس ملازمین کو مسلسل نظر انداز کرتے ہوئے ان کی ڈیوٹیاں دور دراز اضلاع میں لگائی گئی جس سے پولیس ملازمین میں بے چینی پیدا ہو رہی ہے، نیلم جہلم پراجیکٹ سمیت دیگر پراجیکٹ میں نوسیری، نوسدہ، ٹھوٹھہ، ماسی، چھتر کلاس میں زمینیں دینے والے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ جملہ پراجیکٹس پر مقامی پولیس اہلکاران کی تعیناتی اشد ضرورت ہے لیکن پولیس افسران اپنے من پسند اہلکاروں کو پراجیکٹ میں تعینات کرتے ہیں، اور اسی طرح واپڈا حکام بھی مظفرآباد کے لوگوں کے ساتھ نوکریوں کا وعدہ کر کے مکمل خلاف ورزی کر رہی ہے اس سے قبل 60 فیصد لاڈلس نیلم جہلم پراجیکٹ جملہ نفری نے اپنے حقوق کیلئے عدالتوں کا رخ کیا جس سے پولیس کا ڈسپلن تباہ ہو رہا ہے مگر پولیس کے اعلیٰ حکام کوئی نہیں، عوامی، سیاسی، سماجی، مذہبی، دینی سول سوسائٹی نے آئی جی پولیس، ڈی آئی جی ریجن، ایس پی ریزرو سے مطالبہ کیا کہ نیلم جہلم پراجیکٹ سمیت مظفرآباد میں لگے پراجیکٹس میں مقامی پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا جائے اور دیگر اضلاع کی نفری کو ان کے مقامی پراجیکٹس میں تعینات کیا جائے تاکہ پولیس اہلکاروں میں بے چینی ختم ہو سکے۔

بقیہ 39

موبائل اور انٹرنیٹ سروس کی روزانہ کئی کئی گھنٹے بندش معمول بن گیا، صارفین کی جانب سے درجنوں مرتبہ اس حوالہ سے یوفون اور پی ٹی سی ایل کو شکایات درج کروائی گئیں لیکن دونوں کمپنیز نے نئی بیٹریاں نصب کرنے سمیت مسئلہ حل کرنے کے بجائے عملی طور پر خاموشی اختیار کر رکھی ہے جیسے ہی بجلی بند ہوتی ہے چناری سے ملحقہ کنڈائی میں نصب یوفون اور پی ٹی سی ایل ٹاور بھی بند ہو جاتا ہے جس کے باعث سیکڑوں علاقوں میں یوفون اور پی ٹی سی ایل سروس بند ہو جاتی ہے، دونوں کمپنیز کی غیر ذمہ دارانہ پالیسیوں کے باعث صارفین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

بقیہ 40

دسمبر کے پہلے ہفتے جہاں بالا میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں کشمیری خواتین پر بھارتی مظالم کو اجاگر کیا گیا ہے۔ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے عالمی دن کے سلسلے میں کشمیری خواتین بھارتی ریاستی دہشت گردی کا بدترین شکار کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین جہاں بالا کے اشتراک سے کیا گیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ ریاستیں بین الاقوامی قوانین اور قراردادوں پر عملدرآمد کی پابند ہیں جن میں اقوام متحدہ کی قرارداد 1325 بھی شامل ہے جس میں خواتین پر تنازعات کے اثرات کو تسلیم کیا گیا ہے اور تنازعات کے دوران قیام امن اور تحفظ میں ان کے کردار پر زور دیا گیا ہے۔ پوسٹ گریجویٹ کالج کی پرنسپل نے اپنے ابتدائی خطاب میں کہا کہ بین الاقوامی قانون تنازعہ علاقوں میں بھی خواتین کے تحفظ، وقار اور مساوی حقوق کو یقینی بناتا ہے۔